عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 19 نومبر 2026ء/ 8 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 232

دہشتگردوں کے آگے نہیں جھکے تو کسی سردار سے خوفزدہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، وزیراعلیٰ بلوچستان

وہ اتنا بڑا سردار نہیں کہ میں اس سے خوفزدہ ہوں، ایک ممبر کے انٹرویو کا جواب نہیں دینا چاہتا، شرمندہ ہوں کہ ایسی اسمبلی میں بیٹھا ہوں جس میں وہ موصوف رکن ہیں

ہماری تربیت ایسی نہیں کہ ہم کسی خاتون کے بارے میں ایسے ریمارکس دیں، سرفراز بگٹی کا بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال، سردار عبدالرحمان کے انٹرویو پر ردعمل

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران ایک رکن اسمبلی کی جانب سے خاتون رکن اسمبلی اور ان کی ذات کے حوالے سے دیے گئے ریمارکس پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس معاملے پر متعلقہ رکن کے انٹرویو کا جواب دینا نہیں چاہتے، تاہم میری بہن اور خاتون رکن اسمبلی کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے، میں اس کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

عوام پاکستان پارٹی کا کوئٹہ کے مسائل پر مشترکہ احتجاجی تحریک کا الٹی میٹم

کوئٹہ تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے سیاسی جماعتیں مشترکہ احتجاجی تحریک چلائیں، پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (جی این ایم) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے سنگین بحران پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے صوبے کی تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا فروغ ضروری ہے، لعل جان جعفر

کھیل نوجوانوں میں نظم وضبط اور قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں، سیکرٹری تعلیم

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی انٹر اسکول ہاکی ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ اقرا روزۃ القران للاطفال اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ہزارہ سوسائٹی کے مابین کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری تعلیم (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پنجگور کے علاقے دازی میں صاف پانی کا مسئلہ حل، 20 لاکھ روپے جاری

چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ کی ذاتی فنڈ سے واٹر سپلائی منصوبے کے لیے رقم فراہم

پنجگور (جی این ایم) یونین کونسل دازی بوستان کے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر سیاست کر رہی ہے، طلال چوہدری

بلاول جمہوریت کے چیمپئن بنتے ہیں، آپ کی گورننس نے سندھ کے لوگوں کا خون نچوڑ لیا پاکستان میں 70 فیصد حکمرانی پیپلز پارٹی کی ہے

عمران خان کے وکلا جانتے ہیں وہ دلائل کی بنیاد پر کرپشن کے مقدمات نہیں جیت سکتے، اسی لئے عدالتوں میں مختلف حیلے بہانے اختیار کیے جاتے ہیں، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر سیاست کر رہی ہے۔ پاکستان میں 70 فیصد حکمرانی پیپلز پارٹی کی ہے، اتنی زیادہ حکومت ہونے کے باوجود یہ کیسے لاتعلقی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ بدھ کو اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 7)


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایس پی طیب اقبال کے اعزاز میں الوداعی ملاقات

عبدالحمید زہری کی ایس پی طیب اقبال کے لیے نئی تعیناتی پر نیک خواہشات

کوہلو (جی این ایم) ایس پی طیب اقبال کے تبادلے اور نئی جائے تعیناتی پر روانگی سے قبل ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری نے ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پاکستان آرمی کا فتح-3 سپرسانک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

فتح 3 میزائل جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹمز سے لیس، جو سپرسونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستگی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے سربراہان کی فتح 3 میزائل کے کامیاب تجربے پر مبارک باد

راولپنڈی (جی این ایم) پاک فوج نے فتح 3 سپر سونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا، جسے ملکی دفاعی صلاحیتوں میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح 3 میزائل جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹمز (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر برشور

اسکولوں کی روزانہ نگرانی اور خستہ حال عمارتوں کی مرمت یقینی بنانے کی ہدایت

برشور (جی این ایم) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت ضلع برشور میں تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور سرکاری اسکولوں کی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 6)


مظفرآباد، وزیراعظم شہباز شریف، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف آزاد جموں وکشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیراعظم افتخار علی گیلانی سے ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کی ترقی کیلئے جو وسائل چاہئیں حاضر ہیں، وزیراعظم

آزاد کشمیر کی ترقی کے لیے جاری کردہ احکامات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے گا، آزاد کشمیر کے 100 روزہ ترقیاتی پلان سے متعلق اجلاس میں گفتگو

مظفرآباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی ترقی کے لیے جو وسائل چاہئیں حاضر ہیں۔ آزاد کشمیر کے 100 روزہ ترقیاتی پلان سے متعلق اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ یہاں ترقیاتی پلان پر عمل درآمد کے لیے وفاقی حکومت تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کی قربانیاں بہت جلد رنگ لائیں گی اور وہ دن دور نہیں جب ان کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ وزیراعظم نے قائد مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے قیام پر مبارکباد پیش کی اور بتایا کہ اگلے ماہ دسمبر میں دانش سکول کا افتتاح کیا جائے گا جب کہ مظفرآباد میں دانش یونیورسٹی کا کیمپس بھی تعمیر کیا جا رہا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت کو اپنے 100 روزہ ترقیاتی پلان کے لیے جن وسائل کی ضرورت ہوگی، وفاقی حکومت فراہم کرے گی۔ انہوں نے اپنی قیادت کو یقین دلایا کہ آزاد کشمیر کی ترقی کے لیے جاری کردہ احکامات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے گا۔

نئے انتظامی یونٹس کے معاملے پر عوامی رائے پر انحصار ہے، عطا تارڑ

پیپلز پارٹی صوبوں کیخلاف ہے تو جنوبی پنجاب، سرائیکی صوبے کی قرارداد منظور کیوں کی؟ ایک پارٹی کے چیئرمین کے کہنے سے صوبوں کی بحث نہیں رکے گی

بلاول بھٹو نے جذباتی تقریر کی، تضادات تھے، ہم عوام سے ہیں، عوام ہم سے نہیں، نواز شریف کا صوبوں پر موقف آجائے گا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ اگر سمجھتے ہیں کوئی سیاسی قیدی ہے تو قانونی ثبوت بھی سامنے لائے، 190 ملین پاؤنڈ اور توشہ خانہ کیس میں کیا سقم ہے؟ بلاول بھٹو کے کہنے سے فرق نہیں پڑتا کہ کوئی سیاسی قیدی ہے، نیب کے قانون میں ترمیم کی، خود تنقید بھی کر رہے ہیں، بلاول بھٹو نے جذباتی تقریر کی، تضادات تھے، ہم عوام سے ہیں، عوام ہم سے نہیں، ریفرنڈم کرا کے عوام کی رائے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

قلات میں غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری یقینی بنائی جائے، عائشہ زہری

قلات (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثنار احمد نورزئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل ثناء اللہ ثناء ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر عبدالفتاح سمیت محکمہ تعلیم (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ترقیاتی منصوبوں میں ناقص برداشت نہیں کیا جائے گا، محمد اسماعیل

آفیسر ریسٹ ہاؤس مقررہ معیار اور مدت کے اندر مکمل کیا جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

اُستامحمد (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر اُستامحمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اُستامحمد محمد اسماعیل لاشاری نے سپرنٹنڈنٹ عبدالرحمٰن بلوچ اور رفیق احمد کے ہمراہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت زیر تعمیر آفیسر ریسٹ ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ریسٹ ہاؤس کے مختلف حصوں تعمیراتی کام (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور ناقص میٹریل برداشت نہیں کیا جائے گا، کلیم اللہ

تمام ترقیاتی اسکیمیں مقررہ مدت میں معیاری انداز میں مکمل کی جائیں، ڈپٹی کمشنر

شیرانی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر ضلع شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کے معیار، رفتار اور مختلف مراحل پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے اور تعمیراتی کام منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار اور سرکاری (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

سسٹم عوامی تائید کے بغیر ری سیٹ نہیں ہو سکتا، وزیر دفاع

حکمرانوں کی طاقت عوام کی امانت ہے کسی کی میراث نہیں، نفع آپ کا اور نقصان ن لیگ کا نہیں چلے گا

حکومت میں پارٹنر رہ کر لیکچر یا دھمکی دینے کا حق نہیں سیاستدانوں کا احتساب نئی بات نہیں، خواجہ محمد آصف کی بلاول پر تنقید

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری 2020 سے کاروبار حکومت میں پارٹنر ہیں، کیا آپ لیکچر یا دھمکی دینے کا حق رکھتے ہیں؟۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر دفاع نے کہا کہ بلاول بھٹو آپ نے سسٹم ری (باقی صفحہ 2 نمبر 32)


اسلام آباد: نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینیٹ کمیٹی کا بلوچستان میں وفاقی ملازمتوں کے کوٹے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) سینیٹ سیکرٹریٹ میڈیا ڈائر یکٹوریٹ اسلام آباد، 17 نومبر 2026 سینیٹ کی ذیلی کمیٹی کا بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

غلام رسول عمرانی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی مذمت کرتے ہیں، امین عمرانی

بابا کوٹ (جی این ایم) سابق صوبائی وزیر سرکردہ قبائلی رہنما بابو محمد امین عمرانی نے تمندار اقوام عمرانی کے سربراہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور ان کے خاندان کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ہری پور کو خیبر پشتونخوا سے الگ کر کے اسلام آباد میں شامل کرنے کی اطلاعات ہیں، ایمل ولی

حقوق سے متعلق کوئی فیصلہ صوبے کے عوام اور آئینی نمائندوں کو نظر انداز کر کے نہیں کیا جا سکتا، صدر اے این پی

پشاور (جی این ایم) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ مجوزہ طور پر ہری پور کو خیبر پختونخوا سے الگ کر کے اسلام آباد میں شامل کرنے کی اطلاعات ہیں، خیبر پختونخوا کی جغرافیائی حدود میں تبدیلی صوبائی اسمبلی کی منظوری کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اپنے ایک بیان میں ایمل ولی خان نے کہا کہ ہری پور کو الگ کرنا محض انتظامی تبدیلی نہیں، صوبے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بلاول کو وزیراعظم بنتا دیکھ رہی ہوں، فریال تالپور

عوام پیپلز پارٹی سے محبت کرتے ہیں، پارٹی کو پنجاب میں اپنی کھوئی ہوئی سیاسی جگہ دوبارہ حاصل کرنا ہوگی

لاہور (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما فریال تالپور نے کہا ہے کہ وہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو پاکستان کا اگلا وزیراعظم بنتا دیکھ رہی ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فریال تالپور کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو پنجاب میں اپنی کھوئی ہوئی سیاسی جگہ دوبارہ حاصل کرنا ہوگی، پنجاب میں آج بھی پارٹی کیلئے سیاسی گنجائش موجود ہے اور عوام پیپلز پارٹی سے محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں صرف شخصیات اور ہیروز کے سہارے نہیں چل سکتیں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)


اسلام آباد: جمہوریہ وانڈا کی ہائی کمشنر فاتو ہریرہ مانا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہی ہے

جنوبی ایشیا کی ترقی اور خوشحالی کیلئے باہمی تعاون کا فروغ ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

بنگلہ دیش کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، پاکستان بنگلہ دیشی طلبہ کو تعلیمی وظائف فراہم کر رہا ہے

خیالات اور سوچ کا تبادلہ دونوں ملکوں کیلئے سودمند ثابت ہوسکتا ہے، نائب وزیراعظم کا بنگلادیش کے 35 سینئر سرکاری افسران کے وفد سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا کی ترقی اور خوشحالی کیلئے باہمی تعاون کا فروغ ناگزیر ہے، پاکستان بنگلا دیش سمیت تمام دوست ممالک کو اہمیت دیتا ہے اور باہمی احترام، اعتماد اور خیر سگالی کے جذبے کے تحت بنگلہ دیش کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے بنگلہ دیش کے 35 سینئر سول سرونٹس پر مشتمل وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے دوستانہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ہم بنگلہ دیشی وفد کو خوش آمدید کہتے ہیں، ایسے وفود اور ملاقاتوں سے دوطرفہ تعلقات کو وسعت ملے گی، دورہ بنگلہ دیش کی خوشگوار یادیں آج بھی تازہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے دوست ممالک (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر کے لیسہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونیکا امکان ہے جب کہ نیپرا نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ آئندہ 3 ماہ کے لیے فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہوگی؟ نیپرا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ملک میں نئے انتظامی یونٹس پر 2027 سے پہلے ریفرنڈم کرایا جائے، فاروق ستار

کراچی (جی این ایم) ایم کیو ایم (پاکستان) کے سینئر رہنما فاروق ستار نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں نئے انتظامی یونٹس پر 2027 سے پہلے ریفرنڈم کرایا جائے۔ کراچی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ایران امریکی عہدیداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، امریکی انٹیلی جنس

اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ترجمان وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی میڈیا نے امریکی انٹیلی جنس حکام کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے واشنگٹن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو نشانہ بنانے کیلئے ڈرٹی بم یا کیمیائی ہتھیار کے ممکنہ استعمال کی منصوبہ بندی کی ہے تاہم امریکی حکام کے درمیان اس بات پر اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا ایران ایسا حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے یا واقعی اس کا ارادہ رکھتا ہے۔ سی این این سمیت امریکی میڈیا اداروں نے کم از کم سات امریکی حکام کے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

آبی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا تو تہران بھی جوابی کارروائی کرے گا، قالیباف

امریکی عوام کو دباؤ کے ذریعے موقف بدلنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (جی این ایم) ایران کی پارلیمان کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے ایرانی ڈیموں پر ممکنہ حملوں کے تناظر میں خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے آبی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا تو تہران بھی جوابی کارروائی کرے گا۔ باقر قالیباف نے امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس میں ایرانی میزائل تنصیبات کے قریب واقع ڈیموں کو فوجی اور شہری دونوں مقاصد کے لیے استعمال ہونے والی تنصیبات قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق ایسی رپورٹ شہری بنیادی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

مدرسہ قاسم العلوم بنک اسٹاپ میں 19 نومبر کو عظیم الشان جلسہ دستار بندی حفاظ کرام ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) مدرسہ قاسم العلوم کے زیر اہتمام 19 نومبر 2026 بروز جمعرات، نماز ظہر سے نماز عشا تک مدرسہ ہذا بنک اسٹاپ نزد مکی مسجد واکبر ڈیری فارم میں عظیم الشان (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اوستہ محمد، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحق خواتین سے پیسوں کی کٹوتی جاری

اوستہ محمد (جی این ایم) اوستہ محمد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے غریب مستحق خواتین کی رقم سے ایک ہزار روپے سے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)


سنگاپور: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سنگاپور کے نائب وزیراعظم مسٹر گان کم یونگ سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکی حکام کو سرکاری ملٹری کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کا خدشہ

فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے سرکاری اور خصوصی فوجی کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کے خطرے سے خبردار کرتے ہوئے فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ جنگ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل سیکیورٹی ایجنسی نے سرکاری الیکٹرانک شناختی کارڈز چرانے والے خطرناک (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

حنا جاوید قتل کیس، 86 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ ہوسکا

ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ کی فوری پیش کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (جی این ایم) حنا جاوید قتل کیس میں 86 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ ہوسکا، جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے فوری چالان پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیل کے مطابق ہائی پروفائل حنا جاوید قتل کیس میں مقررہ قانونی مدت گزرنے کے باوجود راولپنڈی پولیس عدالت میں چالان پیش کرنے میں ناکام رہی۔ جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

امریکی بینکوں کی آن لائن سروسز میں تکنیکی خرابی، صارفین کو شدید مشکلات

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے بڑے بینکوں کی آن لائن سروسز میں بڑے پیمانے پر تکنیکی خلل پیدا ہونے کے باعث لاکھوں صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سی بی ایس (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بھارت میں مسافر بس 300 فٹ گہری کھائی میں جا گری، 6 افراد ہلاک

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت میں بس 300 فٹ گہری کھائی میں گرنے سے 6 افراد ہلاک ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

اسلام آباد: جمہوریہ وانڈا کی ہائی کمشنر فاتو ہریرہ مانا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہی ہے

چھوٹے درجے کے کاروباروں کو دستاویزی معیشت حصہ بنانا ناگزیر ہے، جام کمال

کاروباری ضوابط کو آسان بنانے اور غیر ضروری لائسنسنگ کی شرائط ختم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک آسان رسائی فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے حبیب بینک لمیٹڈ کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ناصر سلیم کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کے لیے مالی معاونت، ڈیجیٹل بینکنگ، برآمدات کے فروغ اور تجارتی سہولتوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

یورپی ممالک ممکنہ جوہری حادثے سے نمٹنے کی تیاری کر لیں، نگران اداروں کا انتباہ

روسی حملے 1986 کے چرنوبل حادثے جیسے واقعہ کا باعث بن سکتے ہیں، نگران ادارے

برسلز (جی این ایم) 38 ممالک کے جوہری تحفظ کے نگران اداروں نے خبردار کیا ہے کہ روسی حملوں کے باعث یوکرین میں جوہری حادثے کا خطرہ بڑھ رہا ہے جس کے اثرات یورپ کے دیگر ممالک تک بھی پہنچ سکتے ہیں لہذا یورپی ممالک ایسے کسی بھی ممکنہ حادثے سے نمٹنے کی تیاری شروع کر دیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انتباہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب روس نے یوکرین کے توانائی کے نظام پر ڈرون اور میزائل حملے تیز کر دیئے ہیں۔ ان حملوں میں بجلی گھر، بجلی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)


اسلام آباد: جمہوریہ وانڈا کی ہائی کمشنر فاتو ہریرہ مانا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہی ہے

چھوٹے صوبے ناگزیر، خون کا قطرہ بھی گرا تو ذمہ دار بلاول ہونگے، مصطفیٰ کمال

لوگوں کی رائے کو بالادستی حاصل ہونی چاہیے، سندھ میں اختیارات پیپلز پارٹی کے پاس ہیں

اگر کارکردگی ٹھیک ہے تو 10 صوبے بھی بن جائیں تو کیا مسئلہ ہے؟، وفاقی وزیر صحت کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے چھوٹے صوبے بنانے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے بغیر پاکستان نہیں چلے گا، بلاول بھٹو زرداری کی سندھ کے حوالے سے گفتگو پر شدید افسوس ہوا، سندھ میں خون کا ایک قطرہ بھی بہا تو ذمہ دار بلاول بھٹو ہوں گے، سندھ میں اختیارات پیپلز پارٹی کے پاس ہیں، اگر کارکردگی ٹھیک ہے تو 10 صوبے بھی بن جائیں تو کیا مسئلہ ہے؟۔ ان (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ناقص تعمیراتی میٹریل استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر

بی ایس ڈی آئی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

دکی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے بی ایس ڈی آئی (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کے معیار، رفتار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ختم نبوت چوک، عیدگاہ، محلہ جلال آباد میں نالیوں کی تعمیر، ٹرانسپورٹ اڈہ تھل لونی، مختلف واٹر سپلائی اسکیموں اور ویگن اڈہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 میں اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت: 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

پاکستان اور حقائق

از قلم /// غلام رسول بلوچ

حقائق کے آئینے میں اگر دیکھا جائے تو پاکستان اپنے مسائل اور بحرانوں سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے اگر قومی ہم آہنگی کا فروغ ہماری ترجیحات میں ایک قوم کے طور پر ہو۔ ذاتی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دینی ہوگی۔ قومی یکجہتی اور ملی وحدت قومی تقاضا اور قومی ضرورت ہے۔ پاکستان کی نوجوان نسل پاکستان کی ترقی و کامیابی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ پاکستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے اور اس پہ ہر پاکستانی فکر مند ہے بحیثیت قوم جو زندہ اور باشعور قوموں کا رویہ ہونا چاہئیے اس میں شاید کہ ہماری غفلتیں اور کوتاہیاں شامل ہیں۔ ہمیں قومی حیثیت میں ان رویوں سے اجتناب کرنا ہوگا جو ملکی مفادات کے لیے نقصان کا موجب ہوں۔ قائد کے ویژن کے مطابق بھرپور قومی جذبے کے ساتھ یہ پیغام پوری دنیا کو دینا ہوگا کہ سخت ترین اور مشکل ترین حالات کے باوجود ہم ایک زمرہ قوم بن کر کھڑے ہیں۔ خطے کے حالات ملک کی اندرونی مجموعی صورتحال اور بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی کے خلاف 80 ہزار سے زائد قربانیاں وشہادتیں پیش کرنے کے باوجود قوم کا عزم اور حوصلہ اپنی افواج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ بلند ہے۔ قومی تعاون سے ہمارے سیکورٹی ادارے اور افواج پاکستان ملک کو بحرانی کیفیت سے باہر نکالیں گے اور چیلنجز کا مقابلہ کریں گے۔ نظریہ پاکستان اور اساس پاکستان قوم کے دلوں میں موجزن رہے گا۔ ملی وحدت اور قومی ہم آہنگی سے درست سمتوں کا تعین ہوسکتا ہے۔ ملک میں اس وقت ایک بار پھر سے احتجاجی سیاست شروع ہو رہی ہے۔ احتجاج ضرور کریں مگر زمہ دار قوم بن کر انتشار و فساد کی راہ مت اپنائیں۔ ملک ان حالات میں انتشار، فساد، گروہ، لشکر، ہجوم اور جتھوں کی منفی سیاست کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اندرونی حالات کے ساتھ ساتھ خطے کے حالات ایک چیلنجنگ صورتحال کی شکل میں ہمارے سامنے کھڑے ہیں۔ معاشی صورتحال پہلے ہی ابتر ہے۔ بلوچستان اور کے پی کے میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی سازشیں عروج پر ہیں۔ دہشت گرد اور ان کی پراکسیز انتہاء باریک وارداتوں کے ذریعے قوم میں بدگمانیاں اور نفرتیں پھیلانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ قوم کا اتحاد اور ہم آہنگی اس ملک اس قوم اور اس کے اداروں کو انتہائی مضبوط بنا سکتی ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف افواج پاکستان کی جنگ نہیں بلکہ یہ جنگ پوری قوم کی جنگ ہے جسے اس قوم نے اپنے اداروں کے ساتھ ملکر لڑنا ہے۔ قوم بننے کے لیے قربانیاں دینی پڑتی ہیں ہجوم، گروہ اور لشکر قوم کا چہرہ نہیں ہوتے بلکہ اپنے ذاتی مفادات کے عکس ہوتے ہیں جن سے ملی و قومی وحدت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بحیثیت قوم اس ملک کی عوام نے ہر مشکل وقت میں حالات کا بھرپور مقابلہ کیا ہے۔ موجودہ وقت میں دو دہائیوں سے اس ملک اور قوم نے دہشت گردی کے عفریت کو جھیلا ہے۔ دہشت گردی کا ناسور ہمارے ملک کے معصوم پاکستانیوں جس میں سیکورٹی فورسز اور افواج کے ساتھ ساتھ ہر مکتبہ فکر اور بے گناہ عوام کی زندگیوں کو کھا گیا۔ 80 ہزار سے زائد قربانیوں اور شہادتوں کے بعد بھی آج بھی ہماری سیکورٹی فورسز اور قوم کا جزبہ اور حوصلے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلند ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ اس ناسور سے مستقل جان چھڑائی جائے۔ اس کے لیئے قوم اور افواج پاکستان وسیکورٹی اداروں کا تعاون کا انتہائی مضبوط ہونا ضروری ہے۔ ملک دشمن قوتیں پاکستان کو کمزور کرنے کے لیئے دہشت گرد گروپس کو ہر طرح سے بھرپور سپورٹ کر رہی ہیں۔ یہ جنگ اس قوم اور اس ملک کے ہر محب وطن پاکستانی کی جنگ ہے جسے اس نے بلند عزم اور حوصلوں سے لڑنا ہے اور اس وقت تک لڑنا ہے جب تک اس ناسور کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ دہشت گردی کے ناسور نے ہماری سیاحت، ہماری معیشت، ہمارے کھیل کے میدان، ہماری تجارتی سرگرمیوں، بیرونی سرمایہ کاری، ہماری مذہبی مساجد و درسگاہوں، اقلیتوں کی عبادت گاہوں کے ساتھ ساتھ میگا پروجیکٹس اور ملک میں اہم ملکی شخصیات کی ٹارگٹ کلنگ جو اس وطن کا سرمایہ تھے کا بے حد نقصان کیا۔ ہماری قوم کے مستقبل کو غیر محفوظ کرنے اور آنیوالی نسلوں کے محفوظ مستقبل پہ بھی سوالیہ نشان لگا دیا۔ یہ حالات مشکل ضرور ہیں لیکن اس قوم اور اس ملک کی سیکورٹی اداروں میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ اب دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کیا جائے۔ پاکستان کے مفادات کا بھرپور تحفظ کیا جائے اس کے لیئے قومی ہم آہنگی اور قومی اتفاق رائے کا فروغ انتہاء ضروری ہے۔ ہجوم، لشکر اور گروہوں کو ریاست کے ساتھ کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ریاستی عملداری کو چیلنج کرنے والے اور قومی و عسکری املاک کو نقصان پہچانے والے اس ملک وقوم کے دشمن ہیں۔ پاکستانی قوم ہر پلیٹ فارم سے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرے پھر وہ پلیٹ فارم سوشل میڈیا ہو، سماجی ہو، مذہبی ہو، سیاسی ہو، صوباء ہو، قومی ہو، کھیل ہو، تعلیمی میدان ہو، تجارتی یا معاشی میدان ہو، سیاحت کا میدان ہو، ترقی کا میدان ہو یا الغرض کے کوء بھی میدان ہو اس میں پاکستانی قوم اپنی بھرپور صلاحیتوں سے پاکستانی مفادات کا تحفظ کر کے ملک وقوم کی تعمیر و ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے۔ صحافت کے میدان میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پہ پاکستان کے قومی بیانیے کو پروموٹ کریں اور مثبت و معیاری اور زمہ دارانہ صحافت سے ملک کے خوبصورت چہرے کا بہترین امیج دنیا کے سامنے متعارف کریں۔ پاکستان کے بقاء اور تحفظ کی جنگ اپنے اداروں کے سنگ اس قوم نے نہایت بہادری سے لڑنی ہے تاکہ پاکستان کے روشن اور تابناک مستقبل کو دنیا دیکھے۔ پاکستان کے قیام سے آج تک اگر ہم ایک متحد و متفق قوم نہ بن سکے تو کبھی بھی ترقی کی دوڑ میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔ ہمیں ملک سے مخلص ہوکر ایک قوم بننے کی ضرورت ہے۔ انتشار اور تقسیم کی سیاست کرنے والوں سے اجتناب کی ضرورت ہے۔ ملک میں موجود شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف اپنے سیکورٹی اداروں اور افواج پاکستان کے ساتھ بھرپور طریقے سے کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ ملک اور یہ قوم ترقی کریں گے اور دنیا میں اپنی پہچان کو مضبوط بنائیں گے لیکن قوم کو اپنے ملک سے مخلصی کا رشتہ اور ملکی مفادات کو ترجیحی بنیادوں پر رکھنا ہوگا۔ ملک دشمن میڈیا ٹرولرز کے پروپیگنڈے اور پاکستان کے اداروں کے خلاف ہرزہ سرائی کرنے والوں کے خلاف قوم متحد ہوجائے۔ دشمن بیانیے اور جھوٹی وفیک نیوز کے ذریعے قوم میں انتشار و فساد پھیلانے والوں کی بیخ کنی ضروری ہے۔ بغیر تصدیق فیک نیوز کو پھیلانے سے اجتناب کریں یہ دشمن قوتوں کے حربے ہیں جو اس ملک وقوم کو تقسیم اور کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ بہادر قومیں مشکل حالات کا دلیری سے سامنا کرتی ہیں اور سرخرو ہو کر نکلتی ہیں۔ پاکستان کی ترقی اور کامیابی کو دنیا کی کوء طاقت نہیں روک سکتی۔ تعمیر و ترقی کا یہ سفر ملک اور قوم کے بہتر مستقبل کی منزل تک پہنچ کے دم لے گا۔ ہر محبّ وطن پاکستانی پاکستان کو کامیاب اور ترقی کرتا دیکھنا چاہتا ہے اللہ پاک پاکستان کو اپنی حفظ وامان میں رکھے آمین

بلوچستان سمیت ملک بھر کو دشمن قوتوں کی سازشوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ملی وحدت اور قومی ہم آہنگی ضروری ہے۔ اسی سے قوم وملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے۔ زندہ قوم بن کر قومی شعوری بیداری کے ساتھ بحیثیت قوم خود کو تیار رکھیں اور ہر چیلنج کا سامنا کر کے ملک کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆

پاسداران انقلاب کا بحرین

ایرانی پاسداران انقلاب نے بحرین کی شیخ عیسی ائیربیس پر امریکی ریڈار سسٹم کو نشانہ بنایا ہے اور دعوی کیا ہے کہ ان کی فورسز نے ایک امریکی ڈرون کے کنٹرول سسٹم کو ہیک کر کے اسے بحفاظت زمین پر اتار لیا اور اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بحرین کی شیخ عیسی ائیربیس پر امریکی ریڈار سسٹم کو نشانہ بنایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بحرین نے ممکنہ خطرے کا الرٹ جاری کر دیا، ساتھ ہی واضح کیا کہ ان کی فوج نے ایران کے حملے ناکام بنادیئے ہیں۔ دریں اثنا ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ ان کی فورسز نے ایک امریکی ڈرون کے کنٹرول سسٹم کو ہیک کر کے اسے بحفاظت زمین پر اتار لیا اور اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق منگل کی صبح جاری کیے گئے بیان میں پاسدارانِ انقلاب نے کہا کہ ان کی فضائیہ کے ماہرین نے الیکٹرانک جنگی کارروائی کے دوران قشم جزیرے کے جنوب میں فضا میں امریکی ایم کیو ایم 10 ڈرون کا کنٹرول حاصل کیا اور اسے بحفاظت اتار لیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے تا حال پاسدارانِ انقلاب کے اس دعوے پر کوئی ردِعمل نہیں دیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بحرین کی شیخ عیسی ائیربیس پر امریکی ریڈار سسٹم کو نشانہ بنایا ہے اور دعوی کیا ہے کہ ان کی فورسز نے ایک امریکی ڈرون کے کنٹرول سسٹم کو ہیک کر کے اسے بحفاظت زمین پر اتار لیا۔

(01)

پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کا مسئلہ حل کر دیا گیا۔ نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور یوسی دازی کے چیئرمین یعقوب بلوچ کی نشاندہی پر ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ نے اس مسئلے کے حل کے لیے اپنی ذاتی فنڈ سے 20 لاکھ روپے منظور کیے۔ تفصیلات کے مطابق دازی کے بعض علاقوں میں زیر زمین پانی کھارا ہونے کے باعث مکینوں کو پینے کے صاف پانی کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ یوسی چیئرمین یعقوب بلوچ نے علاقے کی اس اہم ضرورت کو نیشنل پارٹی کے رہنما اور ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ کے سامنے اٹھایا، جس پر انہوں نے فوری نوٹس لیتے ہوئے 20 لاکھ روپے فراہم کیے اور پانی کا مسئلہ حل کروادیا۔ صاف پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل ہونے پر اہل علاقہ نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ اور چیئرمین یعقوب بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔ مقامی لوگوں کا کہنا تھا کہ انہوں نے بروقت اقدام کر کے علاقے کے ایک اہم مسئلے کو حل کیا، جس سے شہریوں کو ریلیف ملا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی علاقے کے دیگر مسائل کے حل کے لیے اسی طرح اقدامات کیے جائیں گے۔

(02)

بلوچستان لعل جان جعفر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں معاونِ خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی سیکرٹری کھیل درا بلوچ، ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز یاسر بازئی، اسپیشل سیکرٹری تعلیم رضوان قدیر، ڈپٹی سیکرٹری تعلیم جاوید کرد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر نصیر احمد شاہ،، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین شاہ، اور اقراء اسکولز کے ضلعی صدر محمد شاکر سمیت دیگر اعلیٰ حکام، کھیلوں سے وابستہ شخصیات، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔

(03)

ہے کہ وہ سیاسی وابستگیوں اور اختلافات سے بالاتر ہو کر عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ احتجاجی تحریک چلائیں، کیونکہ کوئٹہ کے شہریوں کو بنیادی ضروریات زندگی سے محروم رکھنا ان کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے بدقسمت عوام اس جدید دور میں بھی گیس، بجلی اور پانی جیسی بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے پریشان ہیں۔ شدید سردی کا آغاز ہو چکا ہے، مگر گھروں میں گیس دستیاب نہیں، دوسری جانب گیس کی عدم فراہمی کے باوجود صارفین کو بھاری بھرکم بل بھیجے جا رہے ہیں، جو عوام کے معاشی مسائل میں مزید اضافے کا باعث بن رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ نے بھی شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ روزانہ چار چار گھنٹے کی طویل لوڈ شیڈنگ معمول بن چکی ہے، جبکہ ہفتے میں تین راتیں بجلی کی پوری پوری رات بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سرد موسم میں بجلی اور گیس دونوں کی عدم دستیابی نے گھریلو زندگی، کاروباری سرگرمیوں اور طلبہ کی تعلیم کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں پانی کا بحران بھی انتہائی تشویشناک صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ واسا کی جانب سے پانی کی فراہمی شہریوں کے لیے خواب بن کر رہ گئی ہے، لوگ پینے اور روزمرہ استعمال کے پانی کے حصول کے لیے پریشان ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام کب تک ان بنیادی مسائل کا سامنا کرتے رہیں گے؟ سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں اور سول سوسائٹی کو اس صورتحال پر مشترکہ مؤقف اختیار کرنا ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سوئی گیس حکام، کیسکو اور واسا فوری طور پر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں، گیس کی بندش اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ختم کی جائے اور پانی کی فراہمی کا مؤثر نظام بنایا جائے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے واضح کیا کہ عوام کے بنیادی حقوق اور شہری سہولیات کے حصول کے لیے آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، تمام سیاسی جماعتیں متحد ہو کر عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ کوئٹہ کے شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔

(04)

ہماری اسمبلی کی روایات کو بلڈوز کیا گیا ہے، ہماری تربیت ایسی نہیں کہ ہم کسی خاتون کے بارے میں اس قسم کے ریمارکس دیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایک ممبر کا انٹرویو سامنے آیا ہے، میں اس کا جواب دینا نہیں چاہتا، لیکن یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اتنا بڑا سردار نہیں کہ میں اس سے خوفزدہ ہو جاؤں۔ ہم نے دہشت گرد تنظیموں کی پرواہ نہیں کی، ان کے سامنے بھی کھڑے رہے ہیں، لہٰذا کسی فرد سے خوفزدہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(05)

سے لیس ہے، جو سپر سونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستگی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 3 میزائل راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل صلاحیتوں اور اہداف کو نشانہ بنانے کی رسائی میں نمایاں اضافہ کرے گا، جس سے پاکستان کی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی حکمت عملی مزید مضبوط ہوگی۔ میزائل کا کامیاب تجربہ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے دیکھا۔ صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے سربراہان نے فتح 3 میزائل کے کامیاب تجربے پر مبارک بادی اور قومی دفاعی صلاحیتوں کی ترقی میں کردار ادا کرنے والے تمام افراد کی لگن اور محنت کو سراہا۔

(06)

اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ، محکمہ تعلیم کے ضلعی آفسران، کلسٹر ہیڈز اور دیگر متعلقہ آفسران نے شرکت کی، جہاں تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور اساتذہ کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واضح کیا کہ تدریسی عمل میں کسی قسم کی سستی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے تمام کلسٹر ہیڈز کو سخت احکامات جاری کیے کہ شفافیت یقینی بنانے کے لیے ماتحت عملے کا مکمل ڈیٹا دفتر میں جمع کرایا جائے اور محکمہ خزانہ سے اس کی باقاعدہ تصدیق کرائی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کی کڑی نگرانی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اسکولوں کے دورے کیے جائیں، اور غیر حاضر رہنے والے اہلکاروں کے خلاف فوری تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے، ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر اور تعلیمی آفسران پر زور دیا کہ وہ باقاعدہ شیڈول کے تحت اسکولوں کا معائنہ کریں تاکہ ضلع کا کوئی بھی اسکول بند نہ رہے، اجلاس کے اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ علاقے میں موجود خستہ حال اور مخدوش اسکول عمارتوں کی فوری نشاندہی کر کے تفصیلی رپورٹ ڈی ای او آفس کو بھجوائی جائے، تاکہ بروقت مرمت و بحالی کے ذریعے طلبہ کو ایک محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول میسر آسکے اور ضلع میں تعلیم کا معیار بہتر سے بہترین ہو سکے۔

(07)

میں پریس کانفرنس کے دوران طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا بھگت رہے ہیں اور عدالتوں میں ان کے وکلا دلائل دینے کے بجائے تاخیری حربے استعمال کر رہے ہیں۔ طلال چوہدری نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہونے والی حالیہ سماعت کا ذکر کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ عمران خان کے وکلا طویل تقاریر اور مختلف قانونی نکات کو بنیاد بنا کر مقدمات کی کارروائی آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں۔

(08)

ڈپٹی کمشنر کوہلو نے دوران تعیناتی ایس پی کی پیشہ ورانہ خدمات، فرائض کی انجام دہی اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون اور خوشگوار پیشہ ورانہ روابط کو سراہا۔ انہوں نے ایس پی کے لیے آئندہ جائے تعیناتی پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ایس پی طیب اقبال کو یادگاری تحائف کے طور پر چھڑی اور بلوچی ٹوپی پیش کیے ہیں

(09)

قلات وخالق آباد کے افسران، اور آر ٹی ایس ایم شاہنواز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قلات میں محکمہ تعلیم کی کارکردگی، سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی حاضری، زیر تعمیر سکولوں کی تکمیل، سکولوں کی عمارتوں کی مرمت، اساتذہ کی کمی، ٹرانسفر و پوسٹنگ، انچمنٹ اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو غیر حاضر اساتذہ اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے کی بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے محکمہ تعلیم کو درپیش مسائل کے حل اور تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت قابل قبول نہیں، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اساتذہ کرام اپنی تمام تر توجہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی بہترین تربیت پر مرکوز رکھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، انہیں معیاری تعلیم اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ تعلیم کے افسران اور آر ٹی ایس ایمز کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر سکولوں کے دورے کریں اور اساتذہ کی حاضری سمیت تعلیمی سرگرمیوں کی باقاعدگی سے نگرانی کو یقینی بنائیں، تاکہ ضلع میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

(10)

لینے میں کیا حرج ہے؟ کیا آئین پیپلز پارٹی کی حکومت میں نہیں بنا تھا؟ ایک انٹرویو میں عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہے، ہماری اتحادی ہے، ایک ریفرنڈم ٹھیک نہیں ہوا تو نئے ریفرنڈم کو روکنا سیاسی غیر سنجیدگی ہے، ایک پارٹی کے چیئرمین کے کہنے سے صوبوں کی بحث نہیں رکے گی، عوام کہتے ہیں صوبے بنالیں تو بنائے جائیں، عوام نہیں چاہتے تو نہ بنائیں، تقسیم کا لفظ استعمال نہ کیا جائے، نئے انتظامی یونٹس کے معاملے پر عوامی رائے پر انحصار ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا صوبوں پر موقف آجائے گا، آئین میں ریفرنڈم موجود، ریفرنڈم کسی بھی عوامی مسائل پر ہوسکتا ہے، پیپلز پارٹی صوبوں کیخلاف ہے تو جنوبی پنجاب، سرائیکی صوبے کی قرار داد منظور کیوں کی؟ سیاسی معاملات میں اسٹیبلشمنٹ کو نہیں لانا چاہیے، اہم آئینی عہدوں پر پیپلز پارٹی کے لوگ ہیں، بات چیت میں کیا حرج ہے؟ بانی پی ٹی آئی سزا یافتہ مجرم ہیں، پی ٹی آئی کے پارلیمان میں موجود لوگوں سے صوبوں پر بات ہونی چاہیے۔

(11)

کی پیش رفت، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ عملے سے منصوبے کی مجموعی صورتحال اب تک مکمل ہونے والے کام اور باقی ماندہ تعمیراتی مراحل کے حوالے سے تفصیلات بھی حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا آفیسر ریسٹ ہاؤس کی تعمیر میں مقررہ معیار منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے انہوں نے ہدایت کی کہ اگر کسی مرحلے پر تعمیراتی کام میں کوئی خامی یا کمی پائی جائے تو اسے فوری طور پر دور کیا جائے تاکہ منصوبہ پائیدار اور معیاری بنیادوں پر مکمل ہو سکے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبے کو مقررہ ٹائم فریم کے اندر مکمل کرنے کے لیے تعمیراتی کام کی رفتار تیز کی جائے اور تمام مراحل کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوامی و سرکاری سہولیات کی بہتری کے لیے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شفافیت کو یقینی بنانا متعلقہ حکام کی بنیادی ذمہ داری ہے اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔

(12)

تعین کرے گا، چیئرمین نیپرا وسیم مختار چوہدری کی زیر صدارت سماعت ہوئی، بجلی مہنگی کرنے کیلیے کے الیکٹرک نے نیپرا میں درخواست جمع کرائی تھی۔ بجلی صارفین سے 2 ارب 3 کروڑ روپے کی وصولی مانگی گئی ہے، یہ اضافہ کراچی سمیت ملک بھر کیلیے فی یونٹ ایک روپے 4 پیسے بنتا ہے، بجلی مہنگی کرنے کا اطلاق دسمبر 2026 سے فروری 2027 کے لیے تجویز کیا گیا ہے۔ درخواست سال 2026 کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں جمع کرائی گئی تھی، کیپسٹی چارجز کی مد میں 38 ارب 92 کروڑ روپے وصولی کی درخواست کی گئی۔

(13)

ضابطوں کے مطابق مکمل کیے جائیں ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی اسکیمیں عوامی

(01)

60 ہزار کو مفت عینکیں اور ادویات فراہم کی گئیں۔ انسانیت کی خدمت کا جذبہ اگر خلوص، عزم اور مستقل مزاجی کے ساتھ پروان چڑھے تو وہ ایک فرد کی کاوش سے ہزاروں زندگیوں میں روشنی بکھیر سکتا ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ کی 26 سالہ فلاحی خدمات اس کی ایک روشن مثال ہیں، جنہوں نے اپنی ذاتی آمدن اور محدود وسائل کے باوجود پنجاب کے مختلف علاقوں میں مستحق افراد کی بینائی کی بحالی کا مشن جاری رکھا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ نے 2001ء میں محدود وسائل کے ساتھ مفت آئی کیمپوں کے انعقاد کا آغاز کیا۔ اس فلاحی سفر کی بنیاد دراصل 1990ء میں پیش آنے والے ایک ذاتی تجربے پر رکھی گئی، جب انہوں نے اپنے سسر کا آنکھوں کا آپریشن کروایا۔ اس دوران انہیں ایسے متعدد غریب اور مستحق افراد دیکھنے کو ملے جو مالی مشکلات کے باعث آنکھوں کا علاج کروانے سے قاصر تھے۔ ضرورت مند مریضوں کی بے بسی نے ان کے دل میں دکھی انسانیت کی خدمت کا ایسا جذبہ پیدا کیا جو آج ایک طویل فلاحی مشن کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ گزشتہ 26 برس سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کیلئے یہ سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں وہ اپنی ذاتی آمدن اور ماہانہ وسائل میں سے باقاعدگی سے رقم مختص کر کے مستحق مریضوں کے علاج معالجے کے اخراجات برداشت کرتے ہیں۔ ان کی اس مسلسل فلاحی جدوجہد کے نتیجے میں اب تک تقریباً 13 ہزار 700 افراد کی آنکھوں کے کامیاب آپریشن کیے جا چکے ہیں، جبکہ تقریباً ڈھائی لاکھ افراد کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح 60 ہزار کے قریب مستحق افراد کو مفت عینکیں اور آئی ڈراپس فراہم کیے گئے ہیں۔ ضرورت مند مریضوں کو آپریشن، مکمل علاج معالجے اور آپریشن کے بعد پانچ روزہ ادویات کی سہولت بھی بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ کی یہ کاوش اس حقیقت کا عملی ثبوت ہے کہ خدمت خلق کیلئے بڑے وسائل سے زیادہ بلند حوصلے، درد دل اور اخلاص کی ضرورت ہوتی ہے۔ محدود وسائل سے شروع ہونے والا یہ سفر آج ہزاروں مستحق خاندانوں کیلئے امید اور روشنی کا پیغام بن چکا ہے۔ ان کی 26 سالہ مسلسل جدوجہد معاشرے کے صاحب حیثیت افراد کیلئے بھی ایک قابل تقلید مثال ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کریں۔

(02)

کرتے ہوئے تجاوزات قائم کرنے والے شوروم مالکان کو جرمانے عائد کیے اور آئندہ سرکاری حدود کی خلاف ورزی سے باز رہنے کی سخت وارننگ جاری کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے واضح کیا کہ شہر میں ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ عوام کی آمدورفت میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

(03)

کیساتھ ساتھ نظم وضبط اور خدمت کا جذبہ اپنانے پر زور دیا اور طلبہ کے ہاتھوں میں قلم کتاب اور لیپ ٹاپ دیکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں، طلبہ مستقبل کے رہنما اور ملک کی ترقی کے مضبوط ستون ہیں، ہونہار سکالرشپ پروگرام، لیپ ٹاپ سکیم اور ای بائیکس طلبہ کو دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ طلبہ کو نواز شریف سکول آف ایمننس میں مہنگے پرائیویٹ تعلیمی اداروں سے بہتر تعلیم فراہم کر رہے ہیں، اعلیٰ تعلیم ہر نوجوان کا بنیادی حق ہے اور حکومت پنجاب طلبہ کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

(04)

کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے گراؤنڈ کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع فراہم کرنا ایک مثبت معاشرے کی تشکیل کے لیے انتہائی اہم ہے، کیونکہ کھیل نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں نظم وضبط، اتحاد اور بھائی چارے کے جذبے کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ گراؤنڈ کمیٹی کے وفد نے ایس ایس پی لسبیلہ کے تعاون اور حوصلہ افزائی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

(05)

سہ ماہی قسط کے حصول میں درپیش مشکلات سے متعلق شکایات موصول ہوئی تھیں۔ دورے کے دوران بعض مستحق خواتین کی جانب سے قسط کی ادائیگی میں تاخیر، مناسب انتظارگاہ کا نہ ہونا، ادائیگی نہ ہونے اور مشین کی خرابی کے باعث پیش آنے والی مشکلات کی شکایات سامنے آئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ریٹیلر حکام سے صورتحال کے بارے میں دریافت کیا اور انہیں سختی سے ہدایت کی کہ تمام شکایات کا فوری ازالہ کرتے ہوئے مستحق خواتین کو ان کی مکمل سہ ماہی قسط کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مستحقین کی امدادی رقوم کی ادائیگی کے عمل میں غیر ضروری تاخیر یا غفلت کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ریٹیلر حکام کو ہدایت کی کہ مشینری اور دیگر تکنیکی مسائل فوری حل کر کے ادائیگی کا عمل شفاف، آسان اور بلاتعطل بنایا جائے تاکہ مستحق خواتین کو اپنی امدادی رقم کے حصول میں مزید پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

(06)

بھارتی مسلمانوں کیخلاف جعلی پولیس مقابلے کے 118 واقعات ہوئے جن میں سے 105 اتر پردیش میں پیش آئے، بھارت میں 18 ریاستوں اور یونین ٹیریٹریز میں ووٹر لسٹوں سے 6 کروڑ 16 لاکھ مسلمانوں کے نام بھی خارج کیے گئے۔ بھارتی ریاستوں میں مسلمانوں سے زبردستی ہندوتوا نعرے لگوانے اور تذلیل کرنے کے درجنوں واقعات پیش آئے، تنظیم کے گزشتہ 4 سال کے ریکارڈ کے مطابق 2026 بھارتی مسلمانوں کیلئے سب سے زیادہ خونریز سال ثابت ہوا۔

(07)

۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا کہ چین کی طرز پر اسلام آباد میں قائم کیے جانے والے لا انفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ چینی سفیر نے بھرپور تعاون اور تمام مسائل بروقت حل کرنے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے فعال کردار کو بھی سراہا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، سپیشل سیکرٹری داخلہ اور ڈی جی این سی سی آئی اے بھی موجود تھے۔

(10)

وعدہ پورا کر دیا، 10 سال پہلے پل کی تعمیر مکمل ہوئی لیکن دونوں اطراف سڑکیں غائب تھیں، نئی سڑکوں کا افتتاح وزیر اعظم کریں گے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئی سڑکیں 2 ماہ میں مکمل کریں گے، نئی سڑکوں کیبعد لیہ اور تونسہ کے درمیان گھنٹوں کا سفر منٹوں میں طے ہوگا، سڑکوں کی تعمیر میں آنیوالی ایک ایک مرلہ زمین کا مکمل معاوضہ ادا کر دیا ہے، این ایچ اے اراضی کے معاوضے کی مکمل رقم ضلعی انتظامیہ کو دے دی ہے، ضلعی انتظامیہ عوام کو اراضی کے معاوضے فوری طور پر ادا کرے گی۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی برابر کا حق ہے، جنوبی پنجاب کے لوگ الگ صوبہ چاہتے ہیں تو ساتھ دیں گے، صوبہ بنانا پڑا تو آئی پی پی عوام کیساتھ جدوجہد کرے گی، صوبے سمیت جنوبی پنجاب کے عوام کو تمام حقوق ملنے چاہئیں۔ لیہ آمد پر عبدالعلیم خان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ وفاقی وزیر پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ روایتی پگڑی بھی پہنائی گئی۔ ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں نے رقص کیا۔ سابق ایم پی اے سید رفاقت علی گیلانی سمیت جنوبی پنجاب کے سیاسی رہنماؤں نے منصوبے کی تکمیل کا وعدہ پورا کرنے پر عبدالعلیم خان سے اظہار تشکر کیا۔

(11)

کہا کہ 15 سال حقیقی قید مکمل کئے بغیر انتظامی معافی کے ذریعے رہائی قانون کی نظر میں کالعدم ہے، جیل حکام معمول کی معافیوں کو جمع کر کے عمر قید کی سزا 15 سال سے کم نہیں کر سکتے، جیل حکام آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت صدر مملکت کے اختیارات پر قبضہ نہیں کر سکتے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ انتظامی حکام کو عدالتی فیصلوں کی حتمیت اور تقدس متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، قتل کے مقدمے میں عمر قید پانے والا مجرم 9 سال 11 ماہ قید کاٹ کر رہا ہو گیا تھا۔ سینٹرل جیل مردان کی رپورٹ میں مجرم گل نواب کی قبل از وقت رہائی کا انکشاف ہوا، مجرم گل نواب کو مجموعی طور پر 15 سال 6 ماہ 14 دن کی معافی دی گئی تھی، سپریم کورٹ نے مجرم کی 9 سال سے زائد قید کے بعد رہائی غیر قانونی قرار دے دی۔ سپریم کورٹ نے مجرم گل نواب کو فوری گرفتار کر کے دوبارہ جیل بھیجنے کا حکم دیا، عدالت عظمیٰ نے کہا کہ مجرم کو باقی ماندہ سزا پوری کرنے کے لیے دوبارہ جیل میں رکھا جائے، جیل سے باہر آزاد رہنے کی مدت سزا میں شمار نہیں ہوگی۔

(12)

ارکان شامل ہیں۔ گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات میں ایک پینل کی قیادت سابق ضلعی صدر نظر محمد کھوسہ کر رہے ہیں، جبکہ دوسرے پینل کی سربراہی نعمت اللہ کھوسہ کے پاس ہے۔ دونوں پینلز کے درمیان ضلعی صدارت کے لیے مقابلہ ہوگا، جبکہ انتخابات کے نتائج سے فیصلہ ہوگا کہ آئندہ یونین کی قیادت کس کے حصے میں آتی ہے۔

(13)

گا۔ عدالت نے فریقین سے حتمی دلائل طلب کر رکھے ہیں جبکہ بشریٰ بی بی نے علاج کے لئے اسپتال منتقل کرنے کی متفرق درخواست بھی دائر کر رکھی ہے۔

(14)

کرتے ہوئے دو مشتبہ افراد ضیاالرحمٰن ولد غلام رسول اور شہزاد ولد عبدالسلام کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان کا تعلق تگاپ شہر سے ہے اور وہ خاران شہر میں رہائش پذیر ہیں۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کر کے دفعہ 550 کے تحت گاڑی بھی قبضے میں لے لی۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ شہید محمد قاسم میں درج کر لیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

(15)

رضا محمد خضدار اور ڈائلاسز ٹیکنیشن زیبا جمیل بھی موجود تھی۔ اس اقدام سے گردوں کے امراض میں مبتلا لسبیلہ کے مریضوں کو اپنے ضلع میں ڈائیلاسز کی سہولت میسر آئے گی اور انہیں علاج کے لیے کراچی سمیت دیگر بڑے شہروں کا رخ کرنے کی مشکلات اور بھاری اخراجات سے نجات مل سکے گی۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، چیئرمین لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، سابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فرید اللہ شاہ ہاشمی، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی، ریجنل ڈائریکٹر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منصور ریئسانی، ایم ایس سول ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد، ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی، ڈاکٹر تولارام لاسی، شاہد خان پٹھان، لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کے محمد رمضان جاموٹ، پیر قادر شاہ، سلیم جاموٹ، فیصل چنہ، واجہ عارف گنگو اور محمد عمر لاسی سمیت محکمہ صحت کے افسران، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اپنے گزشتہ دورہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل کے موقع پر ڈائیلاسز کی سہولت جلد فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا، جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہسپتال میں ڈائیلاسز یونٹ قائم کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے کہا کہ ڈائیلاسز یونٹ کے قیام میں لسبیلہ ہیلتھ کمیٹی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خصوصی توجہ اور تعاون سے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماضی میں گردوں کے مریضوں کو ڈائیلاسز کے لیے کراچی جانا پڑتا تھا، جہاں سفر، رہائش اور علاج معالجے پر بھاری اخراجات برداشت کرنا پڑتے تھے، تاہم اب یہ سہولت اپنے ضلع میں دستیاب ہوگی۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل کے دیگر مسائل کے حل کے لیے بھی تعاون کریں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ہسپتال کی ایمبولینسیں فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث طویل عرصے سے خراب کھڑی ہیں، جن کی مرمت کے لیے مخیر حضرات اور اداروں کو آگے آنا چاہیے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے اور اس بنیادی حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلاسز یونٹ کا قیام علاقے کے مریضوں کے لیے ایک اہم سہولت ہے، جس سے انہیں علاج کے لیے دوسرے بڑے شہروں کا سفر کرنے کی مشکلات سے نجات ملے گی۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر صحت کی جانب سے ابتدائی طور پر دو ڈائیلاسز مشینیں فراہم کی گئی ہیں، تاہم مریضوں کی تعداد کے پیش نظر مزید مشینوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلاسز کے مریضوں کے ضروری ٹیسٹوں کے لیے پی سی آر مشین بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا کہ ڈائیلاسز یونٹ کو مؤثر اور مستقل بنیادوں پر چلانے کے لیے جدید طبی مشینری اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔ تقریب میں جام گروپ کے سینئر رہنما ڈاکٹر تولارام لاسی نے کہا کہ وہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکرٹری میر زرین خان مگسی کے بھی شکرگزار ہیں، جنہوں نے ذاتی دلچسپی لے کر ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز کی سہولت کی فراہمی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے لسبیلہ کے غریب اور مستحق مریضوں کو کراچی کے سفر، علاج کے بھاری اخراجات اور دیگر مشکلات سے بڑی حد تک نجات ملے گی۔ ڈائیلاسز یونٹ کے فعال ہونے پر سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ضلع لسبیلہ کے شعبہ صحت میں اہم پیش رفت قرار دیا۔ بلدیاتی نمائندوں اور شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عملی اقدامات سے غریب اور مستحق مریضوں کو علاج کی بہتر سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم ہوں گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈائیلاسز یونٹ کو مستقل بنیادوں پر فعال رکھا جائے گا اور ہسپتال میں مزید جدید طبی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔

(16)

4 مسلح حملہ آور بھی مارے گئے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس پونچھ ریجن کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ منگل کی صبح تقریباً 10 بج کر 30 منٹ پر راولاکوٹ کے علاقے تنیالمیرا بس ٹرمینل کے قریب مسلح عناصر نے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں پر شدید اور اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں پاکستان رینجرز کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برکت سر میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر سی ایم ایچ راولاکوٹ منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہو گئے۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے واقعے کے بعد علاقے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے صورتحال پر قابو پانے کے لیے کارروائی جاری ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری طور پر جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں 4 مسلح افراد ہلاک ہوگئے۔ واقعے کے بعد راولاکوٹ شہر اور اس کے گردونواح میں سیکیورٹی انتظامات انتہائی سخت کر دیئے گئے ہیں اور صورتحال پر مکمل قابو پانے کے لئے علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ حکام کے موقف کے مطابق مسلح عناصر علاقے میں تشدد، خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کی بحالی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

(17)

بلوچستان میں نجی تعلیمی ادارے متعدد مسائل کا شکار ہیں، جن کے حل کے لیے حکومت اور متعلقہ حکام کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تعلیمی پالیسیوں پر نظرثانی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو اعتماد میں لیا جائے اور پالیسی سازی کے عمل میں ان کی تجاویز کو بھی اہمیت دی جائے۔ فیڈریشن کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کا محفوظ ماحول فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ طلبہ و طالبات بلاخوف و خطر اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

(18)

پر تین نوجوانوں کو اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے۔ واقعے کے بعد تشویش کی فضا پھیل گئی ہے۔ تاحال مغوی نوجوانوں کی شناخت اور اغوا کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔

(19)

کے روز کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مکینوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے سامنے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے آفس پھاٹک اور روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر رکھا تھا جس سے موقع پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور عوام آپس میں پھنس گئے سکول کے بچے خوار ہو گئے گیس کمپنی حکام نے احتجاج کرنے والوں سے مذاکرات کی زحمت تک نہیں کی جس پر موجود لوگوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف گیس کی جانب سے گھنٹوں گیس غائب رہتی ہے دوسری جانب بھاری بھر بلوں کا آنا ہمارے لیے زحمت سے کم نہیں ہے مظاہرے میں موجود لوگوں نے اے این این سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم غریب لوگ ہے 20 ہزار روپے سوز کی چلاتے ہیں لیکن ہمیں اس دفعہ ایک مہینے کا 80 ہزار روپے بل بھیج دیا بل کو درست کرنے کے لیے اندر چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے جب بھی جاتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ لنچ کا وقت ہے بریک کا وقت ہے نماز کا وقت ہے دفتر میں صرف لوگ اپنا ٹائم پاس اور عیاشی کے لیے آتے ہیں ان کا عوام کو کوئی فکر نہیں ہے واضح رہے گیس تو نہیں آرہا لیکن میٹر چلانے کے لیے ہوا پائپوں کے ذریعے آرہا ہے تاکہ میٹر چل سکے اور عوام کو بھاری بھرکم بھیج سکے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے عوام کی قسمت میں ہر سال مظاہرے روڈ بند ہیں لیکن گیس حکام کا رویہ نہ درست ہے نہ درست ہوسکتا ہے حکومت وقت اور اعلیٰ حکام نوٹس لیکر گیس کی بحالی یقینی بنائی جائے بصورت دیگر عوام کا کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوجائے گا۔

(20)

نوعیت کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق بچوں کا تعلق خانہ بدوش بیٹنی قبیلے سے ہے، جبکہ دونوں کی موت کی وجہ بھی معلوم نہیں ہوسکی۔ واقعے کی اصل وجوہات، مشکوک چیز کی نوعیت اور بچوں کی ہلاکت کے اسباب کا تعین تحقیقات کے بعد ہی ممکن ہوگا۔

(21)

ایک انٹرویو میں پلوشہ خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کی بہتری کیلئے بات کی، صدر مملکت آصف زرداری مفاہمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، یہ وقت ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے کا نہیں، سب کو مل کر ملک کی بہتری کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے صوبوں کا طریقہ کار آئین میں درج ہے، سندھ اسمبلی نے اپنی قراردادوں میں کئی بار عوامی رائے کا اظہار کیا، ریفرنڈم ہو بھی جائے تو صوبے کس بنیاد پر بنیں، وسائل کی تقسیم کیسے ہوگی؟ 18ویں ترمیم پر سب متفق ہونے کے باوجود مہینوں بات چیت ہوتی رہی، کئی مہینوں کے بعد 18ویں ترمیم کا مسودہ سامنے آیا تھا، نئے صوبوں کے حوالے سے پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے۔

(22)

بھی 3.2 فیصد کی کے بعد 85.72 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ توانائی کے ماہرین کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں کی بلند ترین سطحوں کے بعد قیمتوں میں آنے والی اس نمایاں کمی کی بنیادی وجوہات مشرق وسطیٰ میں سیاسی کشیدگی میں کمی کی امیدیں ہیں۔

(23)

نے کہا کہ کراچی میں قومی اسمبلی کی 26 نشستیں ہیں اور پی ٹی آئی الزام لگاتی ہے کہ مبینہ دھاندلی کر کے یہ نشستیں پیپلز پارٹی کو دی گئیں۔ انہوں نے مزید سوال اٹھایا کہ پیپلز پارٹی کی تین صوبوں میں حکومتیں یا شراکت داری موجود ہے، لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(24)

عتیق اللہ 5 ہزار 475 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، حلقے میں مجموعی طور پر 25 ہزار 327 درست اور 306 ووٹ مسترد قرار پائے۔ ریٹرننگ آفیسر نے 16 نومبر 2026 کو حتمی انتخابی نتیجہ جاری کیا، واضح رہے کہ الیکشن ٹریبونل نے سید امام مالک کی درخواست پر دوبارہ پولنگ کا حکم دیا تھا، مالک نے 3 پولنگ اسٹیشنز پر مبینہ بے ضابطگیاں چیلنج کی تھیں۔ پوسٹل بیلٹس کی گنتی کے بعد پیپلز پارٹی کے عطا اللہ شاہ کامیاب ہوئے تھے، انہوں نے 6 ہزار 618 ووٹ حاصل کیے تھے۔ عطا اللہ کو امام مالک پر صرف 13 ووٹوں کی برتری حاصل تھی۔

(25)

(کزن) خود بخود حقدار نہیں بن جاتا۔ گیارہ صفحات پر مشتمل فیصلہ چیف جسٹس امین الدین خان نے تحریر کیا، عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے اپیلیں خارج کر دیں، آئینی عدالت کے مطابق وراثت میں قرابت داری اور خونی رشتے کا اکیلے اطلاق نہیں ہوتا، جائیداد کی تقسیم اسلامی قانون وراثت اور مقررہ قانونی زمروں کے تحت ہوگی، بیوہ اور بہنوں کے حصے کے بعد بچنے والی جائیداد پر عصبہ (مرد رشتہ دار) کا حق ہوگا۔ عدالت نے کہا کہ قانونی عصبہ کی موجودگی میں رد کا اصول نافذ نہیں کیا جا سکتا، مقررہ حصص کی تقسیم کے بعد ایک بقیہ حصہ چچازاد بھائی کا بنے گا، عدالت نے وراثت کے مقدمے میں چچازاد بھائی کا دعویٰ درست قرار دے دیا۔ آئینی عدالت نے کہا کہ محض ریونیو انٹریز یا فارملٹیز سے اصل حق تبدیل نہیں ہوتا، مقدمہ میں شہری محمد اصغر کی وفات کے بعد جائیداد کی تقسیم کا تنازع تھا۔

(25)

ہو چکا ہے۔ مجوزہ مسودے میں 2035 تک بجلی کی استعمال کا حصہ 35 فیصد کرنے اور ترقی پذیر ممالک کیلئے موسمیاتی فنڈنگ تین گنا بڑھانے کی تجاویز شامل ہیں۔ اسکے علاوہ فوسل فیول کے استعمال میں کمی اور بتدریج خاتمے سے متعلق بھی مذاکرات جاری ہیں۔ کرس بوون نے واضح کیا کہ پہلا مسودہ حتمی نہیں، آئندہ دنوں میں مزید مذاکرات ہوں گے، جبکہ تمام ممالک کے اتفاق رائے کے بعد ہی حتمی فیصلے کیے جائیں گے۔

(27)

کے حدود پیروپل پر بگٹی اور شر برادری کے درمیان فائرنگ سے 1 سکندر خان 2 غلام نبی 3 خیر بخش 4 جام خان بگٹی زخمی ہونے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر زخموں سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا واضح رہے کہ آخری اطلاعات تک پولیس نے کوئی بھی ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی

(28)

درمیان جاری مذاکرات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے بتایا کہ مذاکرات کے بعد حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان ممکنہ معاہدے کا مسودہ حکومتی کیمپ میں موجود ہے۔ لیاقت بلوچ نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم اور نائب وزیراعظم عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کو وقار دیں گے اور عوامی مشکلات کے حل کیلئے مثبت پیش رفت سامنے آئے گی۔ نائب امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی احتجاج اور مذاکرات دونوں ذرائع سے غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف دلانے کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

(29)

اس معاملے کو ایسی جنگ میں تبدیل نہیں ہونے دے گی جو برسوں تک جاری رہے۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ امریکا ایران میں 10 یا 15 سال کی طویل فوجی وابستگی کا ارادہ نہیں رکھتا بلکہ یہ معاملہ دو سال تک بھی نہیں چلنا چاہیے۔ امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ امریکا نے عوام سے وعدہ کیا ہے کہ وہ غیر معینہ مدت تک وہاں موجود نہیں رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں مکمل اعتماد ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس معاملے سے امریکا کو اچھے نتائج کے ساتھ باہر نکالیں گے۔ جے ڈی وینس نے کہا جنگی سازوسامان کیلئے دیگر ممالک پر انحصار شرمناک ہے، امریکی دفاعی صنعت کو دوبارہ مضبوط بنایا جائیگا، قومی سلامتی کا تقاضا ہے کہ امریکا اپنا اسلحہ خود تیار کرے، ڈیموکریٹس نے امریکی فوج میں سرمایہ کاری کم کی، قومی سلامتی اور دفاع کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

(30)

اور ایک مسجد کو نقصان پہنچا تھا۔ مستونگ حملے میں کئی گھرانے اپنی چھت، سامان اور عمر بھر کی جمع پونجی سے بھی محروم ہوگئے اور اب نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں۔ مستونگ دھماکے کے ایک متاثرہ شخص نے بتایا کہ دہشتگردوں کے حملے کے بعد ہمارے مکان رہائش کے قابل نہیں رہے اس لئے نقل مکانی پر مجبور ہیں، ہم اس شدید سردی کے موسم میں حکومت کی طرف سے فراہم کردہ خیموں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور مستونگ کے منتخب نمائندوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ہماری مدد کی جائے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد نہ صرف سیکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث ہیں بلکہ صوبے میں جاری ترقیاتی عمل کے بھی دشمن ہیں۔

(31)

اور 18 سالہ مقتولہ (ا) دختر عبدالرشید، قوم بدھ، سکنہ مولا بخش بدھ، کو مقتولہ کے والد نے سیاہ کاری کے الزام میں شاٹ گن سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا جبکہ پولیس کو اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر دونوں نعشوں کو سول ہسپتال نصیر آباد منتقل کر دیا گیا ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو ورثہ کے حوالے کر دیا گیا مزید پولیس تفتیش کر رہی ہیں

(32)

، شعبہ امراض چشم، لیبارٹری اور ڈرگ اسٹور کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ہسپتال میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے یقین دہانی کرائی کہ خالی آسامیوں کو جلد پُر کرنے کے معاملے پر اعلیٰ حکام سے رابطہ اور ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ہسپتال میں طبی عملے کی کمی دور کر کے عوام کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی بروقت حاضری یقینی بنانے، فرائض منصبی دیانت داری سے ادا کرنے اور مریضوں کو بلاامتیاز معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے پر زور دیا۔ پولیو مہم کے حوالے سے بھی ہدایت کی کہ کوریج میں حائل رکاوٹیں دور کر کے تمام بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات اور ٹیموں کی کارکردگی کی نگرانی یقینی بنائی جائے۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری، مؤثر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، جس کے لیے سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی، انتظامی نظم و ضبط اور طبی عملے کی ذمہ دارانہ خدمات بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ اس موقع پر ضلعی آفیسر صحت گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر، پی پی ایچ آئی کے ضلعی منیجر ڈاکٹر منیر احمد دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

(33)

، شعبہ امراض چشم، لیبارٹری اور ڈرگ اسٹور کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ہسپتال میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے یقین دہانی کرائی کہ خالی آسامیوں کو جلد پُر کرنے کے معاملے پر اعلیٰ حکام سے رابطہ اور ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ہسپتال میں طبی عملے کی کمی دور کر کے عوام کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی بروقت حاضری یقینی بنانے، فرائض منصبی دیانت داری سے ادا کرنے اور مریضوں کو بلاامتیاز معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے پر زور دیا۔ پولیو مہم کے حوالے سے بھی ہدایت کی کہ کوریج میں حائل رکاوٹیں دور کر کے تمام بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات اور ٹیموں کی کارکردگی کی نگرانی یقینی بنائی جائے۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری، مؤثر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، جس کے لیے سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی، انتظامی نظم و ضبط اور طبی عملے کی ذمہ دارانہ خدمات بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ اس موقع پر ضلعی آفیسر صحت گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر، پی پی ایچ آئی کے ضلعی منیجر ڈاکٹر منیر احمد دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

(34)

نے 22 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے کہا کہ سلیم شہزاد کی ڈگری سے متعلق نیب خود سپریم کورٹ میں تصدیق کر چکا ہے، دہائیوں کے بعد نئے شواہد کے بغیر دوبارہ تحقیقات پہلی رپورٹ کے برخلاف ہے۔ عدالت نے کہا کہ سلیم شہزاد کی نیب میں تقرری کے وقت کسی فریب جعل سازی، یا غلط بیانی کا الزام نہیں ہے، سلیم شہزاد کے خلاف چارج شیٹ، الزامات اور کارروائی کو کالعدم قرار دیا جاتا ہے۔

(35)

فراہم کیا گیا، جو طلباء میں تقسیم کیا گیا تاکہ وہ اپنی کھیلوں کی سرگرمیاں بہتر انداز میں منعقد کر سکیں واضح رہے کہ مذکورہ کھیلوں کا سامان ڈپٹی کمشنر لورالائی کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت اور مقامی مخیر حضرات کے تعاون سے حاصل کیا گیا، جس کا مقصد تعلیمی اداروں میں غیر نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور نوجوانوں کو کھیلوں کے مثبت مواقع فراہم کرنا ہے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کا کہنا تھا کہ کھیلیں نوجوانوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما، نظم و ضبط، خود اعتمادی اور اجتماعی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں حصہ لینے سے طلباء میں برداشت، ٹیم ورک، باہمی تعاون اور مقابلے کا مثبت جذبہ پیدا ہوتا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ لورالائی نوجوانوں کی حوصلہ افزائی، تعلیمی اداروں میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ اور طلباء کو مثبت و تعمیری مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گی ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو تعلیمی و کھیلوں کے حلقوں میں نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی اداروں میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کی جانب ایک قابل قدر کوشش قرار دیا جا رہا ہے۔

(36)

زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہ خواتین ہوں گی جن کی کبھی شادی نہیں ہوئی، اب یہ خواتین بھی مقررہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں بی آئی ایس پی سے مالی معاونت حاصل کر سکیں گی۔

(37)

کی بیماریوں کا مذاق اڑانے والا آج خود جیل میں بیمار ہوگیا ہے۔ میاں نواز شریف کے سیل سے سانپ نکلنے یا بیگم کلثوم نواز کے ہسپتال پر دھاوا بولنے جیسے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یہ لوگ مکافات عمل کا شکار ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے دعویٰ کیا کہ عمران خان کو جیل میں طبی سہولیات نہ ملنے کا شکوہ سراسر جھوٹ پر مبنی ہے، سابق وزیراعظم کا اڈیالہ جیل میں قید کے دوران 8 مرتبہ باقاعدہ طبی ماہرین نے معائنہ کیا، جبکہ جیل میں موجود میڈیکل عملہ روزانہ تین مرتبہ ان کے بنیادی طبی اشارے (وائٹل سائنز) چیک کرتا ہے، اس کے علاوہ مختلف اوقات میں خصوصی میڈیکل بورڈز نے بھی ان کا تفصیلی معائنہ کیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا اگست 2024 میں سر درد اور بے چینی کی شکایت پر ماہر امراض قلب نے عمران خان کا معائنہ کر کے ادویات تجویز کیں، فروری 2026 میں پانچ رکنی میڈیکل ٹیم نے اڈیالہ جیل میں ان کی آنکھوں اور بلڈ پریشر کا تفصیلی معائنہ کیا۔

(38)

کے باعث خنک ہواؤں کی شدت میں کمی آئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق سمندری طوفان 'کوان' سے پاکستان کے ساحلی علاقوں کو کوئی خطرہ نہیں، 20 نومبر کو سمندری طوفان بھارتی ساحلی علاقوں پر لینڈ فال کر سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہےکہ کراچی میں چند روز دن کا درجہ حرارت 32 سے 34 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے جب کہ رات کا درجہ حرارت 20 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہ سکتا ہے۔

(39)

جرمنی، برطانیہ، اٹلی اور پولینڈ کے نمائندوں نے بھی مذاکرات میں شرکت کی۔ صدر زیلنسکی نے بتایا کہ مذاکرات آسان نہیں تھے تاہم مزید بات چیت پر اتفاق ہوا، برلن میں مذاکرات کا اگلا دور منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا، یوکرین کے حامی ممالک کے اتحاد کے ساتھ ملاقات بھی طے پا گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شمالی کوریا روس کو ہر ماہ درجنوں بیلسٹک میزائل فراہم کر رہا ہے، انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق روس آج یا کل یوکرین پر بڑا حملہ کر سکتا ہے۔ یوکرینی صدر نے مزید بتایا کہ روسی حملوں کا خطرہ برقرار ہے، یوکرین کو بڑے حملے کا خدشہ ہے۔

(40)

کہ ٹیکنیکل فالٹ کے باعث فیروزہ ریلوے اسٹیشن کے قریب انجن سمیت 7 لوڈڈ بوگیاں ٹریک سے اتر گئیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ ملتان اور سکھر سے ریلیف کرینز جائے حادثہ کی جانب روانہ کر دی گئی ہیں، اپ ٹریک بند ہونے کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت ڈاؤن ٹریک سے جاری ہے۔ حادثے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ریلوے کے متعلقہ افسران اور عملہ جائے حادثہ پر موجود ہیں جو بحالی آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ملک میں رواں سال اب تک مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے 55 سے زائد حادثات رپورٹ ہو چکے ہیں۔

(41)

باعث ملک بھر میں 2011 کے بعد سب سے بڑے مظاہرے دیکھنے میں آئے ہیں۔ اقوام متحدہ میں شام کے سفیر ابراہیم اولابی کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج کے ہاتھوں معذور نوجوان کی ہلاکت کے بعد شمال سے جنوب تک احتجاجی مظاہرے شروع ہوئے جن میں اسرائیلی حملوں، گرفتاریوں، جبری گمشدگیوں اور اراضی پر قبضے کے خلاف شدید غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے اسرائیل سے شام کی خودمختاری کا احترام کرنے اور خطے میں کشیدگی ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ جبکہ شام کے لئے اقوام متحدہ کے نائب خصوصی ایلچی کلاڈیو کورڈو کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج کی دراندازی، گولہ باری، عارضی چیک پوسٹوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے، جس سے شام کی خودمختاری اور شہریوں کی بنیادی ضروریات متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے 1974 کے اسرائیل، شام جنگ بندی معاہدے کی مکمل پاسداری پر زور دیا۔

(42)

ہیں، جس میں یمنی حکومتی افواج بھی شامل ہیں۔ یمنی حکومتی افواج حالیہ دنوں میں باب المندب کے علاقے سے مکمل طور پر پسپا ہو چکی ہیں، اور اب حوثی اہم بندرگاہ عدن پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صنعا پر حوثیوں کے قبضے کے بعد عدن یمنی حکومت کا مرکز بن گیا تھا۔

(43)

اور پانی چوری کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ زرعی پانی ایک اہم قومی اور معاشی اثاثہ ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کسی بھی شخص کاشتکار یا زمیندار کو یہ اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ اپنے مقررہ حصے سے زائد پانی غیر قانونی طریقے سے حاصل کرے یا دوسرے کاشتکاروں کے حق پر ڈاکہ ڈالے انہوں نے واضح کیا کہ زرعی پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی، اقربا پروری یا غیر قانونی عمل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے ایریگیشن حکام کو ہدایت کی کہ ربیع کینال کی مسلسل نگرانی کی جائے اور غیر قانونی کنکشن پانی چوری اور مقررہ حصے سے زائد پانی حاصل کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے کہا کہ نہری پانی کی تقسیم مقررہ شیڈول اور قواعد و ضوابط کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ ٹیل کے علاقوں تک بھی زرعی پانی کی بروقت اور مناسب فراہمی ممکن بنائی جا سکے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ایریگیشن افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں فیلڈ میں موجودہ کربانی کی تقسیم کے نظام کی نگرانی کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بااثر شخص یا غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کے باعث دوسرے کاشتکاروں کو ان کے جائز حق سے محروم نہ ہونا پڑے انہوں نے ہدایت کی کہ غیر قانونی کنکشن کے خاتمے کے لیے جاری کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت اقدامات اٹھاتے ہوئے تمام کاشتکاروں کو ان کے مقررہ حصے کے مطابق زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

(44)

اسسٹنٹ کمشنر نے بینک منیجرز سے ملاقات کی اور سیکیورٹی گارڈز کی دستیابی، ان کی تعیناتی اور حفاظتی انتظامات سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام بینکوں میں سیکیورٹی گارڈز ہر وقت چوکس رہیں، اپنی ڈیوٹی ذمہ داری اور مستعدی سے انجام دیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی پر فوری نظر رکھتے ہوئے متعلقہ حکام کو آگاہ کریں۔ اس موقع پر بینکوں کے باہر موٹر سائیکلوں کی پارکنگ اور ٹریفک کی روانی کے حوالے سے بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ بینک انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ موٹر سائیکل بینک کے باہر کھڑے نہ کیے جائیں تاکہ بینکوں کے داخلی و خارجی راستے، سڑکیں اور عوامی گزرگاہیں بلا رکاوٹ رہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور بینکوں میں محفوظ ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں سیکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے نگرانی اور اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

(45)

دوران پیش آنے والے مسائل درپیش چیلنجز اور بہتر حکمت عملی کے تحت حاصل ہونے والی کامیابیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

(46)

60 ہزار کو مفت عینکیں اور ادویات فراہم کی گئیں۔ انسانیت کی خدمت کا جذبہ اگر خلوص، عزم اور مستقل مزاجی کے ساتھ پروان چڑھے تو وہ ایک فرد کی کاوش سے ہزاروں زندگیوں میں روشنی بکھیر سکتا ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ کی 26 سالہ فلاحی خدمات اس کی ایک روشن مثال ہیں، جنہوں نے اپنی ذاتی آمدن اور محدود وسائل کے باوجود پنجاب کے مختلف علاقوں میں مستحق افراد کی بینائی کی بحالی کا مشن جاری رکھا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ نے 2001ء میں محدود وسائل کے ساتھ مفت آئی کیمپوں کے انعقاد کا آغاز کیا۔ اس فلاحی سفر کی بنیاد دراصل 1990ء میں پیش آنے والے ایک ذاتی تجربے پر رکھی گئی، جب انہوں نے اپنے سسر کا آنکھوں کا آپریشن کروایا۔ اس دوران انہیں ایسے متعدد غریب اور مستحق افراد دیکھنے کو ملے جو مالی مشکلات کے باعث آنکھوں کا علاج کروانے سے قاصر تھے۔ ضرورت مند مریضوں کی بے بسی نے ان کے دل میں دکھی انسانیت کی خدمت کا ایسا جذبہ پیدا کیا جو آج ایک طویل فلاحی مشن کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ گزشتہ 26 برس سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کیلئے یہ سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں وہ اپنی ذاتی آمدن اور ماہانہ وسائل میں سے باقاعدگی سے رقم مختص کر کے مستحق مریضوں کے علاج معالجے کے اخراجات برداشت کرتے ہیں۔ ان کی اس مسلسل فلاحی جدوجہد کے نتیجے میں اب تک تقریباً 13 ہزار 700 افراد کی آنکھوں کے کامیاب آپریشن کیے جا چکے ہیں، جبکہ تقریباً ڈھائی لاکھ افراد کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح 60 ہزار کے قریب مستحق افراد کو مفت عینکیں اور آئی ڈراپس فراہم کیے گئے ہیں۔ ضرورت مند مریضوں کو آپریشن، مکمل علاج معالجے اور آپریشن کے بعد پانچ روزہ ادویات کی سہولت بھی بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہے۔ ملک محمد اکرام اعوان ڈوگہ کی یہ کاوش اس حقیقت کا عملی ثبوت ہے کہ خدمت خلق کیلئے بڑے وسائل سے زیادہ بلند حوصلے، درد دل اور اخلاص کی ضرورت ہوتی ہے۔ محدود وسائل سے شروع ہونے والا یہ سفر آج ہزاروں مستحق خاندانوں کیلئے امید اور روشنی کا پیغام بن چکا ہے۔ ان کی 26 سالہ مسلسل جدوجہد معاشرے کے صاحب حیثیت افراد کیلئے بھی ایک قابل تقلید مثال ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کریں۔

(47)

کرتے ہوئے تجاوزات قائم کرنے والے شوروم مالکان کو جرمانے عائد کیے اور آئندہ سرکاری حدود کی خلاف ورزی سے باز رہنے کی سخت وارننگ جاری کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے واضح کیا کہ شہر میں ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ عوام کی آمدورفت میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

(48)

کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے گراؤنڈ کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع فراہم کرنا ایک مثبت معاشرے کی تشکیل کے لیے انتہائی اہم ہے، کیونکہ کھیل نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں نظم وضبط، اتحاد اور بھائی چارے کے جذبے کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ گراؤنڈ کمیٹی کے وفد نے ایس ایس پی لسبیلہ کے تعاون اور حوصلہ افزائی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

(49)

سہ ماہی قسط کے حصول میں درپیش مشکلات سے متعلق شکایات موصول ہوئی تھیں۔ دورے کے دوران بعض مستحق خواتین کی جانب سے قسط کی ادائیگی میں تاخیر، مناسب انتظارگاہ کا نہ ہونا، ادائیگی نہ ہونے اور مشین کی خرابی کے باعث پیش آنے والی مشکلات کی شکایات سامنے آئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ریٹیلر حکام سے صورتحال کے بارے میں دریافت کیا اور انہیں سختی سے ہدایت کی کہ تمام شکایات کا فوری ازالہ کرتے ہوئے مستحق خواتین کو ان کی مکمل سہ ماہی قسط کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مستحقین کی امدادی رقوم کی ادائیگی کے عمل میں غیر ضروری تاخیر یا غفلت کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ریٹیلر حکام کو ہدایت کی کہ مشینری اور دیگر تکنیکی مسائل فوری حل کر کے ادائیگی کا عمل شفاف، آسان اور بلاتعطل بنایا جائے تاکہ مستحق خواتین کو اپنی امدادی رقم کے حصول میں مزید پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

(50)

بھارتی مسلمانوں کیخلاف جعلی پولیس مقابلے کے 118 واقعات ہوئے جن میں سے 105 اتر پردیش میں پیش آئے، بھارت میں 18 ریاستوں اور یونین ٹیریٹریز میں ووٹر لسٹوں سے 6 کروڑ 16 لاکھ مسلمانوں کے نام بھی خارج کیے گئے۔ بھارتی ریاستوں میں مسلمانوں سے زبردستی ہندوتوا نعرے لگوانے اور تذلیل کرنے کے درجنوں واقعات پیش آئے، تنظیم کے گزشتہ 4 سال کے ریکارڈ کے مطابق 2026 بھارتی مسلمانوں کیلئے سب سے زیادہ خونریز سال ثابت ہوا۔

(51)

۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا کہ چین کی طرز پر اسلام آباد میں قائم کیے جانے والے لا انفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ چینی سفیر نے بھرپور تعاون اور تمام مسائل بروقت حل کرنے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے فعال کردار کو بھی سراہا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، سپیشل سیکرٹری داخلہ اور ڈی جی این سی سی آئی اے بھی موجود تھے۔

(52)

کہا کہ 15 سال حقیقی قید مکمل کئے بغیر انتظامی معافی کے ذریعے رہائی قانون کی نظر میں کالعدم ہے، جیل حکام معمول کی معافیوں کو جمع کر کے عمر قید کی سزا 15 سال سے کم نہیں کر سکتے، جیل حکام آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت صدر مملکت کے اختیارات پر قبضہ نہیں کر سکتے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ انتظامی حکام کو عدالتی فیصلوں کی حتمیت اور تقدس متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، قتل کے مقدمے میں عمر قید پانے والا مجرم 9 سال 11 ماہ قید کاٹ کر رہا ہو گیا تھا۔ سینٹرل جیل مردان کی رپورٹ میں مجرم گل نواب کی قبل از وقت رہائی کا انکشاف ہوا، مجرم گل نواب کو مجموعی طور پر 15 سال 6 ماہ 14 دن کی معافی دی گئی تھی، سپریم کورٹ نے مجرم کی 9 سال سے زائد قید کے بعد رہائی غیر قانونی قرار دے دی۔ سپریم کورٹ نے مجرم گل نواب کو فوری گرفتار کر کے دوبارہ جیل بھیجنے کا حکم دیا، عدالت عظمیٰ نے کہا کہ مجرم کو باقی ماندہ سزا پوری کرنے کے لیے دوبارہ جیل میں رکھا جائے، جیل سے باہر آزاد رہنے کی مدت سزا میں شمار نہیں ہوگی۔

(53)

ارکان شامل ہیں۔ گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات میں ایک پینل کی قیادت سابق ضلعی صدر نظر محمد کھوسہ کر رہے ہیں، جبکہ دوسرے پینل کی سربراہی نعمت اللہ کھوسہ کے پاس ہے۔ دونوں پینلز کے درمیان ضلعی صدارت کے لیے مقابلہ ہوگا، جبکہ انتخابات کے نتائج سے فیصلہ ہوگا کہ آئندہ یونین کی قیادت کس کے حصے میں آتی ہے۔

(54)

گا۔ عدالت نے فریقین سے حتمی دلائل طلب کر رکھے ہیں جبکہ بشریٰ بی بی نے علاج کے لئے اسپتال منتقل کرنے کی متفرق درخواست بھی دائر کر رکھی ہے۔

(55)

کرتے ہوئے دو مشتبہ افراد ضیاالرحمٰن ولد غلام رسول اور شہزاد ولد عبدالسلام کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان کا تعلق تگاپ شہر سے ہے اور وہ خاران شہر میں رہائش پذیر ہیں۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کر کے دفعہ 550 کے تحت گاڑی بھی قبضے میں لے لی۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ شہید محمد قاسم میں درج کر لیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

(56)

رضا محمد خضدار اور ڈائلاسز ٹیکنیشن زیبا جمیل بھی موجود تھی۔ اس اقدام سے گردوں کے امراض میں مبتلا لسبیلہ کے مریضوں کو اپنے ضلع میں ڈائیلاسز کی سہولت میسر آئے گی اور انہیں علاج کے لیے کراچی سمیت دیگر بڑے شہروں کا رخ کرنے کی مشکلات اور بھاری اخراجات سے نجات مل سکے گی۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، چیئرمین لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، سابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فرید اللہ شاہ ہاشمی، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی، ریجنل ڈائریکٹر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منصور ریئسانی، ایم ایس سول ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد، ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی، ڈاکٹر تولارام لاسی، شاہد خان پٹھان، لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کے محمد رمضان جاموٹ، پیر قادر شاہ، سلیم جاموٹ، فیصل چنہ، واجہ عارف گنگو اور محمد عمر لاسی سمیت محکمہ صحت کے افسران، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اپنے گزشتہ دورہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل کے موقع پر ڈائیلاسز کی سہولت جلد فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا، جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہسپتال میں ڈائیلاسز یونٹ قائم کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے کہا کہ ڈائیلاسز یونٹ کے قیام میں لسبیلہ ہیلتھ کمیٹی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خصوصی توجہ اور تعاون سے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماضی میں گردوں کے مریضوں کو ڈائیلاسز کے لیے کراچی جانا پڑتا تھا، جہاں سفر، رہائش اور علاج معالجے پر بھاری اخراجات برداشت کرنا پڑتے تھے، تاہم اب یہ سہولت اپنے ضلع میں دستیاب ہوگی۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل کے دیگر مسائل کے حل کے لیے بھی تعاون کریں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ہسپتال کی ایمبولینسیں فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث طویل عرصے سے خراب کھڑی ہیں، جن کی مرمت کے لیے مخیر حضرات اور اداروں کو آگے آنا چاہیے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے اور اس بنیادی حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلاسز یونٹ کا قیام علاقے کے مریضوں کے لیے ایک اہم سہولت ہے، جس سے انہیں علاج کے لیے دوسرے بڑے شہروں کا سفر کرنے کی مشکلات سے نجات ملے گی۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر صحت کی جانب سے ابتدائی طور پر دو ڈائیلاسز مشینیں فراہم کی گئی ہیں، تاہم مریضوں کی تعداد کے پیش نظر مزید مشینوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلاسز کے مریضوں کے ضروری ٹیسٹوں کے لیے پی سی آر مشین بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا کہ ڈائیلاسز یونٹ کو مؤثر اور مستقل بنیادوں پر چلانے کے لیے جدید طبی مشینری اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔ تقریب میں جام گروپ کے سینئر رہنما ڈاکٹر تولارام لاسی نے کہا کہ وہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکرٹری میر زرین خان مگسی کے بھی شکرگزار ہیں، جنہوں نے ذاتی دلچسپی لے کر ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز کی سہولت کی فراہمی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے لسبیلہ کے غریب اور مستحق مریضوں کو کراچی کے سفر، علاج کے بھاری اخراجات اور دیگر مشکلات سے بڑی حد تک نجات ملے گی۔ ڈائیلاسز یونٹ کے فعال ہونے پر سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ضلع لسبیلہ کے شعبہ صحت میں اہم پیش رفت قرار دیا۔ بلدیاتی نمائندوں اور شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عملی اقدامات سے غریب اور مستحق مریضوں کو علاج کی بہتر سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم ہوں گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈائیلاسز یونٹ کو مستقل بنیادوں پر فعال رکھا جائے گا اور ہسپتال میں مزید جدید طبی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔

(57)

4 مسلح حملہ آور بھی مارے گئے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس پونچھ ریجن کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ منگل کی صبح تقریباً 10 بج کر 30 منٹ پر راولاکوٹ کے علاقے تنیالمیرا بس ٹرمینل کے قریب مسلح عناصر نے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں پر شدید اور اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں پاکستان رینجرز کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برکت سر میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر سی ایم ایچ راولاکوٹ منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہو گئے۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے واقعے کے بعد علاقے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے صورتحال پر قابو پانے کے لیے کارروائی جاری ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری طور پر جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں 4 مسلح افراد ہلاک ہوگئے۔ واقعے کے بعد راولاکوٹ شہر اور اس کے گردونواح میں سیکیورٹی انتظامات انتہائی سخت کر دیئے گئے ہیں اور صورتحال پر مکمل قابو پانے کے لئے علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ حکام کے موقف کے مطابق مسلح عناصر علاقے میں تشدد، خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کی بحالی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

(58)

بلوچستان میں نجی تعلیمی ادارے متعدد مسائل کا شکار ہیں، جن کے حل کے لیے حکومت اور متعلقہ حکام کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تعلیمی پالیسیوں پر نظرثانی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو اعتماد میں لیا جائے اور پالیسی سازی کے عمل میں ان کی تجاویز کو بھی اہمیت دی جائے۔ فیڈریشن کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کا محفوظ ماحول فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ طلبہ و طالبات بلاخوف و خطر اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

(59)

پر تین نوجوانوں کو اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے۔ واقعے کے بعد تشویش کی فضا پھیل گئی ہے۔ تاحال مغوی نوجوانوں کی شناخت اور اغوا کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔

(60)

کے روز کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مکینوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے سامنے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے آفس پھاٹک اور روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر رکھا تھا جس سے موقع پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور عوام آپس میں پھنس گئے سکول کے بچے خوار ہو گئے گیس کمپنی حکام نے احتجاج کرنے والوں سے مذاکرات کی زحمت تک نہیں کی جس پر موجود لوگوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف گیس کی جانب سے گھنٹوں گیس غائب رہتی ہے دوسری جانب بھاری بھر بلوں کا آنا ہمارے لیے زحمت سے کم نہیں ہے مظاہرے میں موجود لوگوں نے اے این این سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم غریب لوگ ہے 20 ہزار روپے سوز کی چلاتے ہیں لیکن ہمیں اس دفعہ ایک مہینے کا 80 ہزار روپے بل بھیج دیا بل کو درست کرنے کے لیے اندر چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے جب بھی جاتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ لنچ کا وقت ہے بریک کا وقت ہے نماز کا وقت ہے

بیگوں کے سیکیورٹی گارڈز زہر وقت چوکس رہیں، اسسٹنٹ کمشنر سیوی

عوام کے جان و مال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ملک بہادر خان بنگلزئی

سیوی (بی این ایم) مزدر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان بنگلزئی نے شہر کے مختلف ہوٹلز کا دورہ کیا اور وہاں سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

غیر قانونی نکشن اور پانی چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، وریندر لعل

جیل کے علاقوں تک زرعی پانی کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (بی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ارسٹیشن آفیسران کے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف ایگزیکٹو ارسٹیشن قربان علی جتوئی سپرنٹنڈنگ انجینئر مژگان مظہر کھوسہ سمیت متعلقہ محکمے کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران رقبہ کیناں پر قائم غیر قانونی نکشن کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم (باقی صفحہ 3 نمبر 43)



صنعا پر فضائی حملے میں کم از کم نو افراد زخمی ہوگئے، حوثیوں کا دعویٰ

صنعا(بی این ایم) یمن کے حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ دارالحکومت صنعا پر ہونے والے فضائی حملے میں کم از کم نو افراد زخمی ہوگئے۔ یے پی ای کے مطابق حوثیوں کی وزارت صحت کے ترجمان کا کہنا ہے کہ جن طیاروں نے یمنی دارالحکومت میں حوثیوں کو بنانے والی ایک فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا۔ ایران کے اتحادی حوثی، سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد کے خلاف برسر پیکار (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

بینظیر کفالت پروگرام کی ادائیگی میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، الیاس کبزئی

اسسٹنٹ کمشنر سیوی کا بی آئی ایس پی ریٹیلر پوائنٹ پر مشیری اور تکنیکی مسائل فوری حل کرنے کا حکم

سیوی (بی این ایم) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی/تحصیل آفیسر ملک بہادر خان بنگلزئی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے پائنر پوائنٹ کے رٹیلر پوائنٹ کا دورہ کیا، جہاں مستحق خواتین کو بینظیر کفالت پروگرام کی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)



کوئٹہ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی زیر صدارت اعترض آئٹ پوٹ کے اضران اور بلاروں کے ڈرینگ کا جائزہ لے رہے ہیں

آئندہ پولیو مہمات میں بہتر منصوبہ بندی اور فیلڈ نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

نصیر آباد (بی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مجموعی طور پر انسداد پولیو پروگرام سے وابستہ ذمہ داران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران حالیہ پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی پیش کی (باقی صفحہ نمبر 45)

شام کا اقوام متحدہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور جارحانہ پالیسیوں پر احتجاج

اسرائیلی شام کی خودمختاری کا احترام اور خطے میں کشیدگی ختم کرے، اقوام متحدہ میں شام کے سفیر ابراہیم الادلبی

نیویارک (بی این ایم) شام نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اسرائیل کی فوجی کارروائیوں اور جارحانہ پالیسیوں پر احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی اقدامات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

پاکستان اور چین کا قانون نافذ کرنے والے اداروں میں معاونت بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے چین کے سفیر جیا گنگ زیڈونگ کی ملاقات

اسپیشل پراسیکیوشن یونٹ کے اہلکاروں کو چینی زبان سکھانے کیلئے چینی انسٹرکٹرز جلد بھیجنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان اور چین نے سرحدی سلامتی، سائبر سیکیورٹی تعاون اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان معاونت بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق رائے اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کی ملاقات میں طے پایا۔ ملاقات میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری کو فعال اور موثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر چینی پراسیکیوشن یونٹ کے اہلکاروں کو چینی زبان سکھانے کے لئے چینی انسٹرکٹرز جلد پاکستان بھیجنے کا فیصلہ بھی کیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اونٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی افتتاحی تقریب میں شریک ہیں

مفت آئی کیمپ لاکھوں مستحق افراد کیلئے اُمید کی کرن بن گیا

ڈھائی لاکھ افراد کی آنکھوں کا معائنہ، 13 ہزار 700 افراد کی بینائی بحال، 60 ہزار کو مفت عینکیں

کوئٹہ (بی این ایم) وفاقی وسائل سے 2001ء میں شروع ہونے والا مفت آئی کیمپ آج ہزاروں مستحق افراد کیلئے امید کی کرن بن گیا۔ ڈھائی لاکھ افراد کی آنکھوں کا معائنہ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

طلبہ مستقبل کے رہنما، تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں، مریم نواز

لاہور (بی این ایم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ طلبہ مستقبل کے رہنما اور ملک کی ترقی کے مضبوط ستون ہیں، طلبا و طالبات تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں۔ طلبہ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے طلبہ کو بہتر تعلیم اور لیپ ٹاپ دینے کا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون کا تجاوزات مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن

بشیر وہ مالکان کو جرمانے اور سخت وارننگ شہر بھر میں تجاوزات کی اجازت نہیں دی جائے گی

گوادر (بی این ایم) اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے شہر کی اہم شاہراہ جناح روڈ پر موٹر سائیکل شوروم کے علاقے میں تجاوزات کا جائزہ لیا۔ خلاف ورزی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان بار کونسل اور بلوچستان بار ایسوسی ایشن کے ارکین ایڈووکیٹ منیر احمد کاکڑ، ایڈووکیٹ ہادی خلجزئی، ایڈووکیٹ نجیب کاکڑ، ایڈووکیٹ فضل جریل کاکڑ اور دیگر اقدامات پر مبنی مومباتی تجویز کا جائزہ لے رہے ہیں

بھارتی مسلمانوں کیلئے 2026 خونریز سال قرار

مذہبی بنیاد پر تشدد کے باعث گزشتہ تین ماہ میں 16 مسلمانوں کو قتل کیا گیا، امریکی رپورٹ

واشنگٹن (بی این ایم) عالمی انسانی حقوق کی نگہبان کی تنظیم کی جائزہ رپورٹ نے بھارت میں مسلمانوں کیخلاف بڑھتی ہوئی انتہا پسندوں کے نفرت انگیز جرائم کا پردہ فاش کردیا۔ رپورٹ میں بھارت میں مذہبی بنیاد پر تشدد کے باعث گزشتہ تین ماہ میں 16 مسلمانوں کو قتل کیا گیا۔ اُڑت سے اکتوبر تک (باقی صفحہ 3 نمبر 6) ایشیا جسٹس مینٹر " کی سالانہ رپورٹ کے مطابق بھارت میں مذہبی بنیاد پر تشدد کے باعث گزشتہ تین ماہ میں 16 مسلمانوں کو قتل کیا گیا، اُڑت سے اکتوبر تک (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

عزیز آباد ہم نام ازم 15 سال حقیقی قید کاٹے بغیر رہا نہیں ہوسکتا، سپریم کورٹ

اسلام آباد (بی این ایم) سپریم کورٹ نے فراڈ و ایسے کے مرتکب ہم نام ازم 15 سال حقیقی قید کاٹے بغیر رہا نہیں ہوسکتا۔ سپریم کورٹ نے عزیز آباد کے مرتکب ہم نام ازم کی سزا کے خلاف اپیل مسترد کرتے ہوئے سزا برقرار رکھی۔ جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے فیصلہ تحریر کیا، سپریم کورٹ نے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران خان اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر آج سماعت ہوگی

اسلام آباد (بی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر آج (پیر کو) سماعت ہوگی۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل ڈویژن بینچ اپیلوں پر سماعت کرے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

جنوبی پنجاب کے لوگ الگ صوبہ چاہتے ہیں تو ساتھ دیں گے، عبدالعلیم خان

جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی برابر کا حق ہے، عوام سے کیا وعدہ پورا کردیا، وفاقی وزیر

لیہ (بی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی سفر پر پہلے ان کا حق ہے۔ دریائے سندھ پر پہلا پل بھی جنوبی پنجاب کے حصے میں آیا، جس کا آغاز کے موقع پر عبدالعلیم خان نے اپنے خطاب میں کیا کہ عوام سے کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات، دو پینل آمنے سامنے آگئے

ضلعی صدارت کے لیے نظر محمد کھوسو اور نعمت اللہ کھوسو کے درمیان مقابلہ متوقع

صحبت پور (بی این ایم) صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے ضلعی انتخابات کا بگل بج گیا، دو پینل آمنے سامنے آگئے۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول صحبت پور میں امیدواروں کے کاغذات نامزدگی وصول کرلیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انتخابات آرگنائزنگ کمیٹی کی نگرانی میں منعقد کیے جا رہے ہیں، جس کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثاقب شیرانی اور ڈوب اضلاع سے تعلق رکھنے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

سمندری طوفان کی تشکیل، کراچی میں درجہ حرارت میں اضافہ

کراچی (بی این ایم) کراچی میں نومبر کا نصف مہینہ گزرنے کے باوجود درجہ حرارت میں ایک ہلکا پھر اضافہ ہوتے نظر آرہا ہے، محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ امید کی جارہی تھی کہ کراچی میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں کمی آجائے گی تاہم خلیج بنگال میں سمندری طوفان کی تشکیل (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

عمران خان کو جیل میں طبی سہولیات نہ ملنے کا شکوہ بے بنیاد ہے، وفاقی بخاری

عمران خان کو جیل میں چوبیس اور دیگر سہولیات میسر ہیں، وہ پاکستان میں کسی دوسرے قیدی کو حاصل نہیں

لاہور (بی این ایم) وزیر اطلاعات پنجاب علی عباس بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا خط علاج معالجے سے متعلق پروپیگنڈے سے زیادہ کچھ نہیں۔ اپنے ایک بیان میں پی ٹی آئی عمران خان کے معالج معالجے اور جیل میں طبی سہولیات سے متعلق بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے علی بخاری نے کہا کہ انہوں نے تحریری طور پر اپنے ڈاکٹر کے ساتھ ان آرا کا اظہار کیا، دوسروں (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

یوکرین جنگ کے خاتمے کیلئے امریکا، یورپ اور کیف کے درمیان نئے سفارتی رابطے

روسی حملوں کا خطرہ برقرار ہے، یوکرین کو بڑے حملے کا خدشہ ہے، صدر زیلنسکی

کیف (بی این ایم) یوکرین کے صدر زیلنسکی کا امریکی اور یورپی نمائندوں سے نئے مذاکرات کا اعلان کیا ہے۔ یوکرینی میڈیا کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا کہ امریکی ایٹمی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر اور یورپی نمائندوں سے آن لائن بات چیت ہوئی فرانس، (باقی صفحہ 3 نمبر 39) صدر زیلنسکی نے کہا کہ امریکی ایٹمی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر اور یورپی نمائندوں سے آن لائن بات چیت ہوئی فرانس، (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کا فروغ خرچ ہے، محمد حسیب شجاع

کھیل طلبہ میں نظم وضبط، خود اعتمادی اور ٹیم ورک پیدا کرتے ہیں، ڈپٹی کمشنر

لورالائی (بی این ایم) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے گورنمنٹ بوائز کالج لورالائی کے طلباء کی درخواست پر اسپورٹس کالا کے انعقاد کیلئے کھیلوں کا سامان فراہم کردیا۔ اس سلسلے میں طلباء نے ڈپٹی کمشنر آفس سے تعاون کی درخواست کی تھی، جس پر ڈپٹی کمشنر نے فوری توجہ دیتے ہوئے طلباء کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے۔ اسپورٹس کالا کے انعقاد کیلئے کرکٹ، والی بال، فٹ بال، بیڈمنٹن سمیت مختلف کھیلوں کا سامان (باقی صفحہ 3 نمبر 35)



ہسپتال کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، ڈی جی صحت

مریضوں کو معیاری علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈاکٹر امین خان مندوخیل

گوادر (بی این ایم) صوبائی حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی پالیسی کے تحت عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کا عزائم کو لے کے ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے میر حمید الصمد بلوچ ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی سیکشن، لیبارٹری، بلڈ بینک اور فی میل ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

فتنہ الہندوستان کی دہشتگردی سے تباہ حال بلوچ گھرانے نقل مکانی پر مجبور

مستونگ حملے میں کئی گھرانے اپنی چھت، سامان اور گھر کی جمع پونجی سے بھی محروم

کوئٹہ (بی این ایم) فتنہ الہندوستان کی دہشتگردی سے تباہ حال بلوچ گھرانے نقل مکانی پر مجبور ہوگئے ہیں۔ مستونگ میں چند روز پیشتر دہشتگردوں کے بارود سے بھری گاڑی کے ذریعے حملے میں متعدد عوام و دہشت گردی کی آگ میں جھلس گئے یا لقمہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ایران کیساتھ جنگ طویل نہیں ہوگی، امریکا

اسے کبھی ختم ہونے والی جنگ نہیں بننے دیں گے، رے ڈی ویس

واشنگٹن (بی این ایم) امریکی نائب صدر رے ڈی ویس نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کو طویل جنگ نہیں بننے دیا جائے گا اور امریکا ایران میں 10 یا 15 سال تک فوجی کارروائیوں میں مصروف رہنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے رے ڈی ویس نے کہا کہ ایران کا جوہری پروگرام امریکا کے لیے خطرہ ہے تاہم امریکی انتظامیہ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات کا آخری دور کل ہوگا، لیاقت بلوچ

امید ہے وزیراعظم اور نائب وزیراعظم عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کو قادر یہ گے

لاہور (بی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی اور پی ڈی ایم کے رہنما لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کی آخری دور کل 19 نومبر کو وزارت خارجہ کے دائمہ (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

بلاول کی تقریر تضادات کا مجموعہ، شاید ہی کوئی صحیح بات ہو، حذیفہ رحمان

پیپلز پارٹی کی تین صوبوں میں حکومتیں یا شراکت داری موجود ہے، لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟

کہ پیپلز پارٹی کی تین صوبوں میں حکومتیں یا شراکت داری موجود ہے، لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لیے انہوں نے کیا اقدامات کیے ہیں؟، بیان

اسلام آباد (بی این ایم) وزیر اعظم کے معاون خصوصی و رہنما مسلم لیگ ن کے رہنما حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی تقریر تضادات کا مجموعہ ہے، شاید ہی کوئی صحیح بات ہو۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ہمارا ایٹمی اسٹیٹ کے سربراہ لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا ہے، جس میں حکومت اور جماعت اسلامی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جی بی اے 16- دیامر ٹو کا حتمی انتخابی نتیجہ، فارم 49 جاری

پیپلز پارٹی کے عطاء اللہ 6 ہزار 758 ووٹ لے کر کامیاب قرار

گلگت (بی این ایم) گلگت بلتستان اسمبلی کے حلقے جی بی اے 16 دیامر 2 کا حتمی انتخابی نتیجہ آگیا، فارم 49 بھی جاری کردیا گیا، جس کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے عطاء اللہ 6 ہزار 758 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔ آزاد امیدوار سید امام مالک 6 ہزار 673 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، عطاء اللہ اور سید امام مالک کے درمیان 85 ووٹوں کا فرق رہا، جب کہ ن لیگ کے امیدوار انجینئر امام اختر نے 6 ہزار 25 ووٹ حاصل کیے۔ اعتشام پاکستان پارٹی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)





کوئٹہ وائس چیئرمین بورڈ آف اونٹمنٹ بلال خان کاکڑ، وائس چانسلر یونیورسٹی مویشی پروفیسر ڈاکٹر خالدہ حفیظ و دیگر بلوچستان اونٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

معاشی نظام اسلام کے قوانین میں وابستہ ہے
خوش آمدید